عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز جمعہ 25 ستمبر 2026ء/ 12 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 177

ہم نے امید نہیں چھوڑی، کشیدگی میں کمی اور پیش رفت کیلئے ہم پُرعزم ہیں

وزیراعظم

خطے میں ثالثی کے حوالے سے تمام دوست ممالک امن کے حصول کی کوششوں میں کردار ادا کر رہے ہیں، قوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

صدر یورپی کونسل اور صدر یورپی کمیشن سے ملاقات، وزیراعظم نے یورپی کونسل اور یورپی کمیشن کے صدور کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی

نیویارک (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے صدر یورپی کونسل انتونیو لوئس سانتوس داکوستا اور صدر یورپی کمیشن ارسلا گرترو ڈوان ڈیر لیین سے ملاقات کی ہے، اور کہا کہ پاکستان یورپی یونین کی قیادت کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کا خواہاں ہے۔ یہ ملاقات نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کی سائیڈ لائن پر ہوئی۔ جس میں پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر4)

پاکستان میں عالمی بحری قوانین پر عمل درآمد جاری ہے، جنید انوار چوہدری

پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری جاری کرنے والے ادارے کی حیثیت سے اپ گریڈ کیا جا رہا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان بحری شعبے اور اس سے متعلق آپریشنز میں بین الاقوامی بحری قوانین اور معیارات پر عمل درآمد کر رہا ہے، ان قوانین پر مؤثر عمل درآمد (باقی صفحہ 2 نمبر3)

پٹرولیم لیوی کے خلاف تحریک جاری، کل لاہور میں بڑا جلسہ عام ہوگا، لیاقت بلوچ

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے

لاہور (سی ایم لنکس) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جاری تحریک کے سلسلے میں کل جمعہ کو لاہور میں جلسہ عام کا اعلان کیا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن جلسہ (باقی صفحہ 2 نمبر2)

ماحولیاتی تبدیلی، پاکستان سب سے زیادہ قرض لینے والے ملکوں میں شامل ہوگیا

پاکستان کیلئے منظور رقم تقریباً 1.37 ارب ڈالر کے مساوی ہے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (اے این این) پاکستان ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے سب (باقی صفحہ 2 نمبر1)

صوبے مادر پدر آزاد نہیں سندھ چاہے تو بھی اپنی نیوی نہیں بنا سکتا، طلال

سندھ اپنی نیوی، پنجاب اپنی ریلوے بنانا چاہے تو وہ نہیں بنا سکتا، صوبے پی ایس پی رولز کو تبدیل نہیں کر سکتے، یہ رولز سیٹلڈ قوانین ہیں

آپ پولیس کو گھر کی لونڈی نہیں بنا سکتے، کمانڈ اسٹرکچر تباہ کردیا، پارلیمنٹ میں جائیں گے اور قانون سازی کریں گے، وزیر مملکت برائے داخلہ

اسلام آباد (اے این این) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ کے پی میں جو پولیس قانون لگایا گیا ہے اس کے ملک پر کیا اثرات ہوں گے؟ صوبے مادر پدر آزاد نہیں ہیں، سندھ اپنی نیوی بنانا چاہے تو وہ نہیں بنا سکتا، پنجاب اپنی ریلوے بنانا چاہے تو وہ نہیں بنا سکتا، صوبے پی ایس پی رولز (باقی صفحہ 2 نمبر6)

وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ کی ورلڈ اکنامک فورم کے مکالمے میں شرکت

پاکستان میں جامع ریگولیٹری اصلاحات، سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے اقدامات کو اجاگر کیا

نیویارک (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے نیویارک میں ورلڈ اکنامک فورم کے سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ امپیکٹ میٹنگز 2026 (باقی صفحہ 2 نمبر5)



نیویارک، پاکستانی نوجوان رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور پروفیشنلز کے ایک وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہا ہے

لانگ مارچ ہو خر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہو سکتے

رانا ثناءاللہ

لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا اسلام آباد میں کسی کو بھی چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں

شہر میں کنٹینرز کو حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا گیا ہے، کنٹینر سڑک کنارے پڑے ہیں اور سڑکیں کھلی ہیں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہو سکتے۔ ایک ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ شہر میں کنٹینرز کو حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا گیا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر7)

خیبر پختونخوا حکومت کا منظور کردہ ایکٹ عجلت میں لایا گیا، نظر ثانی کی جائے، سینیٹر کامران مرتضیٰ

پارٹی اس معاملے کے تمام آئینی اور قانونی پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے، رہنماء جمعیت لائرز فورم

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام لائرز فورم کے مرکزی صدر و سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے منظور کیا جانے والا ایکٹ جلد بازی میں لایا گیا ہے، جس کے باعث صوبے میں گورنر راج کی راہ ہموار ہونے کا خدشہ پیدا ہوسکتا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر8)

بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کیا جا سکتا

وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو تشدد کے واقعات کا جواز نہیں بنایا جا سکتا جبکہ غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں پائی جاتی ہے


کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی چاہتے ہیں، پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی، بیرونِ ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں، نوجوان ریاست مخالف پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں۔ 21ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو تشدد کے واقعات کا جواز نہیں بنایا جا سکتا جبکہ غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں پائی جاتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان میں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں گزشتہ 2 سال کے دوران عوامی شعبے کے ترقیاتی پروگرام پر 100 فیصد پیش رفت ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے ترقیاتی پروگراموں کا معائنہ میرے حلقے سے شروع کیا، کرپٹ عناصر کی گرفتاریاں ہو رہی ہیں اور کوئی حق (باقی صفحہ 2 نمبر9)

مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر کا جی ایچ کیو کا دورہ، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات

ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

عبدالرؤف عبداللہ نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے این این) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورہ کے دوران سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے چیف آف آرمی سٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز (باقی صفحہ 2 نمبر33)



چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی بیلاروس میں بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کو رواں ماہ قطر سے ایل این جی کی دوسری کھیپ موصول ہوگئی

کراچی (اے این این) پاکستان کو رواں ماہ قطر سے ایل این جی کی دوسری کھیپ موصول ہوگئی۔ ایل این جی بردار جہاز شاندونگ (باقی صفحہ 2 نمبر32)

پی ایچ ایف اور پاکستان میں گوگل کے مقامی پارٹنر کے درمیان معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) اور پاکستان میں گوگل کے باضابطہ مقامی پارٹنر ٹیک ویلی پاکستان کے درمیان معاہدہ طے پا گیا۔ اسلام آباد میں منعقدہ (باقی صفحہ 2 نمبر31)

منشیات کے سرِعام استعمال اور فروخت کا بڑھتا ہوا رجحان نوجوان نسل کے مستقبل کیلئے زہر قاتل ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

شہر میں جرائم کے اڈے دن دہاڑے قائم رہیں اور انتظامیہ انہیں روکنے کے بجائے خاموش تماشائی بنی رہے

کوئٹہ ( ) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھا جمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعد اللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ شہر میں منشیات (باقی صفحہ 2 نمبر30)

شمالی وزیرستان سے سیکیورٹی فورسز کا آپریشن 8 دہشتگرد ہلاک

کارروائی میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا خوارج کی فورسز سے بچنے کے لیے مسجد کو بطور ڈھال استعمال کرنے کی کوشش

فورسز نے مسجد کے تقدس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مہارت سے خوارج کو نشانہ بنایا' کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ گولہ بارود و دیگر سامان برآمد، ذرائع

پشاور (اے این این) شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی میں دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر سامان بھی برآمد ہوا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ خوارج نے فورسز سے بچنے کے (باقی صفحہ 2 نمبر11)

پاکستان میں دہشتگردی؛ ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے

بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی، رپورٹ

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث افغان عناصر کے شواہد ایک بار پھر سامنے آ گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ حملے میں ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں میں افغان باشندے بھی شامل تھے۔ ہلاک دہشت گرد ذوالفقار المعروف (باقی صفحہ 2 نمبر10)

علیم خان کی گڈز ٹرانسپورٹرز سے ملاقات، روکی گئی گاڑیاں ریلیز اور معاوضے کی یقین دہانی

ٹرانسپورٹرز نے اگست کی ملک گیر ہڑتال کے دوران حکومت سے کیے گئے معاہدوں پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی، جس میں ٹرانسپورٹرز کے مسائل، ایکسل لوڈ پالیسی اور احتجاج کے باعث روکی گئی گاڑیوں کے معاملات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان، قمر الزمان گل، شارجعفری، (باقی صفحہ 2 نمبر12)

پاکستان کی سفارتی کوششوں کا عالمی اعتراف، جرمنی نے ثالثی کردار کو اہم قرار دے دیا

جرمنی پاکستان کی جانب سے علاقائی تنازعات میں ثالثی کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے' جرمن دفتر خارجہ

برلن (اے این این) جرمنی نے علاقائی تنازعات کے حل کیلئے پاکستان کی جانب سے کی جانے والی سفارتی اور ثالثی کوششوں کو سراہا ہے، خصوصاً آبنائے ہرمز اور باب المندب کی صورتحال کے حوالے سے پاکستان کے کردار کی تعریف کی گئی ہے۔ جرمن دفتر خارجہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ جرمنی پاکستان کی جانب سے علاقائی تنازعات میں ثالثی (باقی صفحہ 2 نمبر14)

بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ

غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو تشدد کے واقعات کا جواز نہیں بنایا جا سکتا جبکہ غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں پائی جاتی ہے

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں چند عناصر شناخت کی بنیاد پر علیحدگی چاہتے ہیں، پاکستان کو توڑنے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوگی، بیرونِ ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر نوجوانوں کو گمراہ کر رہے ہیں، نوجوان ریاست مخالف پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں۔ 21ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ غیر متوازن ترقی اور پسماندگی کو تشدد کے واقعات کا جواز نہیں بنایا جا سکتا جبکہ غیر متوازن ترقی پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک میں پائی جاتی ہے۔ سرفراز بگٹی نے بتایا کہ بلوچستان میں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں گزشتہ 2 سال کے دوران عوامی شعبے کے ترقیاتی پروگرام پر 100 فیصد پیش رفت ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم نے ترقیاتی پروگراموں کا معائنہ میرے حلقے سے شروع کیا، کرپٹ عناصر کی گرفتاریاں ہو رہی ہیں اور کوئی حق (باقی صفحہ 2 نمبر9)

بلوچستان میں 30 روز کیلئے دفعہ 144 نافذ

عوامی اجتماعات، اسلحے کی نمائش اور چہرہ ڈھانپنے پر پابندی عائد

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان حکومت نے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی۔ معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق دفعہ 144 کا نفاذ فوری طور پر 30 روز کے لیے ہوگا، جس کے تحت عوامی مقامات پر ہر قسم کے اسلحے کی نمائش، اجتماع اور جلوس پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عوامی مقامات پر پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع، دھرنوں، ریلیوں، مظاہروں اور اسی نوعیت کی (باقی صفحہ 2 نمبر26)

مصنوعی ذہانت کو ہتھیاروں کی دوڑ کا ایک اور میدان بننے سے روکنا ہوگا، ڈار

اے آئی کی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھنے کے نام پر ٹیکنالوجی تک رسائی محدود نہیں ہونی چاہیے، وزیر خارجہ

مصنوعی ذہانت کے ڈیزائن، ترقی اور استعمال میں انسانی فیصلہ سازی اور کنٹرول برقرار رہنا چاہیے، نائب وزیراعظم

نیویارک (اے این این) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت کو ہتھیاروں کی دوڑ کا ایک اور میدان بننے سے روکنا ہوگا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مصنوعی ذہانت اور عالمی سلامتی پر اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے بھی شرکت کی۔ نائب وزیراعظم نے سلامتی کونسل اجلاس میں پاکستان کا موقف پیش کیا اور کہا مصنوعی ذہانت کے ڈیزائن، ترقی اور استعمال میں انسانی فیصلہ سازی اور کنٹرول برقرار رہنا چاہیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ فوجی شعبے میں غلط اندازوں اور مختصر وقت میں فیصلوں کے خطرات سے نمٹنے کے لیے احتیاط اور اعتمادسازی ضروری ہے، اے آئی کی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھنے کے نام پر ٹیکنالوجی تک رسائی محدود نہیں ہونی چاہیے، مصنوعی ذہانت کی حکمرانی کے لیے اقوام متحدہ کے تحت جامع اور نمائندہ فورمز ضروری ہیں، جنیوا (باقی صفحہ 2 نمبر18)

سردار ایاز صادق کی ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ جمہورات (باقی صفحہ 2 نمبر28)

وزیراعظم کی ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد

نیویارک (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ڈاکٹر نجیب نقی کو صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد دی (باقی صفحہ 2 نمبر27)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 21ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کے باقی ماندہ تعمیراتی و انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی دارالحکومت میں گزشتہ 15 سال سے التوا کا شکار اسلام آباد ماڈل جیل منصوبہ بالآخر تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے اور حکومت نے آئندہ ماہ اس کا باضابطہ افتتاح کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق یہ فیصلہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں ماڈل جیل منصوبے پر جاری ترقیاتی کاموں، باقی ماندہ تعمیراتی و انتظامی امور اور افتتاح (باقی صفحہ 2 نمبر29)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 21ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

ڈاکٹر محمد نجیب نقی صدر آزاد جموں و کشمیر منتخب، حلف اٹھا لیا

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی نے ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو 32 ووٹ دے کر آزاد کشمیر کا 23واں صدر منتخب کر لیا

مظفر آباد (اے این این) نومنتخب صدر آزاد جموں و کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی نے اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی نے مسلم لیگ (ن) کے نامزد امیدوار ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان کو 32 ووٹ دے کر آزاد کشمیر کا 23واں صدر منتخب کر لیا، ان کے مدمقابل پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار چودھری لطیف اکبر نے 13 ووٹ حاصل کیے۔ صدارتی انتخاب کے لیے پولنگ آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ میں ہوئی، جس کے بعد ووٹوں کی گنتی (باقی صفحہ 2 نمبر16)

نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کا اجلاس: مقدمات کی ای فائلنگ نافذ کرنے پر غور

اجلاس میں یکساں ڈیجیٹل فائلنگ کے لیے مجوزہ معیاری ای فائلنگ کمپلیٹس پر غور کیا گیا

اسلام آباد (اے این این) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک بھر میں مقدمات کی ای فائلنگ کے نفاذ کی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین نیشنل جوڈیشل آٹومیشن کمیٹی جسٹس محمد علی مظہر، اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد اعظم خان بھی اجلاس میں شریک ہوئے، کمیٹی کے دیگر اراکین نے لاہور، سندھ، پشاور اور بلوچستان ہائیکورٹس سے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر17)

آئی ایم ایف مذاکرات' کاروباری آسانیوں اور ٹیکس اصلاحات پر گفتگو

مذاکرات کے دوران مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مانیٹری پالیسی کے موثر استعمال پر بھی تبادلہ خیال ہوگا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات کے دوسرے روز کاروباری آسانیوں اور ٹیکس اصلاحات سمیت دیگر امور پر گفتگو ہوگی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد کی اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس کے اراکین سے ملاقات ہوگی، جس میں معاشی امور اور کاروباری آسانیوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر19)

وزیر پٹرولیم کی ایندھن کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے انتظامات کی ہدایت

سڑکوں کی بندش سے پیٹرولیم ترسیل متاثر نہ ہونے دی جائے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز نے متعلقہ حکام کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان کی صورتحال اور سڑکوں کی بندش سے پیٹرولیم ترسیل متاثر نہ ہونے دی جائے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس میں بتایا گیا پیٹرولیم مصنوعات کی مسلسل دستیابی کے لیے اوگرا کا خصوصی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ پی ایس او حکام کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر22)

174 ترامیم ہیں جو آئی ایم ایف پاس کروانا چاہتا ہے، سیکریٹری خزانہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی خزانہ کمیٹی کے اجلاس میں سیکریٹری خزانہ امداد اللہ بوسال کا کہنا ہے کہ کئی جگہوں پر سبسڈائز کیا جا رہا تھا جنہیں ختم کیا جا رہا ہے، مجموعی طور پر 174 ترامیم ہیں جو آئی ایم ایف پاس کروانا چاہتا (باقی صفحہ 2 نمبر13)

لاپتا افراد کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب کے اہم ریمارکس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے لاپتا افراد کیس کی سماعت کے دوران اہم ریمارکس دیے ہیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں 4 سال (باقی صفحہ 2 نمبر15)

پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کنٹینروں سے بھر دیا گیا

اسلام آباد (اے این این) پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد کو کنٹینروں سے بھر دیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت کے مختلف راستوں پر ایک ہزار سے (باقی صفحہ 2 نمبر20)

ایران کو تباہ کرنے سے متعلق امریکی صدر کے بیانات غیر ذمہ دارانہ ہیں' ایرانی صدر

نیویارک (اے این این) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کو تباہ کرنے سے متعلق امریکی صدر کے بیانات (باقی صفحہ 2 نمبر21)



فیصل آباد، وفاقی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی احسن اقبال منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تعلیم کے بغیر کوئی ملک ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا، وفاقی وزیر

ناخواندگی کی شرح میں کمی لا کر تعلیم کو گھر گھر تک پہنچانا ہوگا، ہمارے ملک میں 63 فیصد خواندگی کی شرح ہے جبکہ دنیا میں یہ شرح 90 فیصد سے زائد ہے

کے ساتھ ساتھ تربیت کا عمل بھی لازم و ملزوم ہے، سیاسی عدم استحکام کے باعث ماضی میں منصوبے تکمیل تک نہ پہنچ سکے، وفاقی وزیر ترقی

فیصل آباد (اے این این) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، تعلیم کے بغیر کوئی بھی ملک ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کا عمل بھی لازم و ملزوم ہے، سیاسی عدم استحکام کے باعث ماضی میں منصوبے تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ناخواندگی کی شرح میں کمی لا کر تعلیم کو گھر گھر تک (باقی صفحہ 2 نمبر25)

ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے، وزیر خزانہ

فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب منتقل کرنے کی ضرورت' پاکستان میں ورچوئل اثاثہ جات سے متعلق قانون سازی اور نگرانی پر کام جاری ہے

ریکوڈک منصوبہ پاکستان کی مستقبل کی برآمدات کے لیے اہم' منصوبے میں تاخیر کی لاگت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، وزیر خزانہ

نیویارک (اے این این) نیویارک میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی اہم ملاقاتیں ہوئیں، جن میں پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن، ایوی ایشن، کان کنی اور بین الاقوامی اقتصادی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹائزیشن پاکستان کی پائیدار اقتصادی ترقی کا اہم ذریعہ ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور کیش لیس ادائیگیوں کے فروغ پر زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ فری لانسرز کو اعلیٰ مہارتوں کی جانب (باقی صفحہ 2 نمبر23)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل ورکشاپ بلوچستان میں شریک ایک طالبہ اپنی دستخط شدہ تصنیف پیش کر رہی ہیں

وزیراعظم کی امریکا میں نوجوانوں کو ملکی بہتری کیلئے کردار ادا کرنے کی دعوت

بیرون ملک مقیم باصلاحیت پاکستانی نوجوان مجھ سمیت پوری قوم کا فخر ہیں، شہباز شریف

نیویارک (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکہ میں مقیم پاکستانی برادری اور نوجوانوں کے وفود کی علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں ہوئیں۔ وزیراعظم شہباز شریف سے امریکہ میں مقیم پاکستانی نوجوانوں کے وفد نے ملاقات کی جس میں شعبہ صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور سماجی آنٹرپرونیورز کے ساتھ ساتھ مختلف یوتھ این جی اوز کے سربراہان اور پروفیشنلز شریک تھے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کیا اور نوجوانوں کو مختلف شعبہ جات میں بہتری کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر24)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
RIO/27/353
قیمت: 15 روپے
ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔
موبائل/واٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823946

پمز میں نئی لیب، کینسر اسپتال کی تعمیر کا اعلان

وفاقی وزیرِ صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پمز اسپتال میں جلد نئی لیب قائم کی جائے گی جس کے بعد تمام ٹیسٹ ملک کے اندر ہی کیے جاسکیں گے، موجودہ لیب سروسز کو بھی مزید بہتر بنایا جائے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عوام کو صحت کی سہولتیں فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، اب تک 70 ہزار افراد کی ہیپاٹائٹس اسکریننگ کی جا چکی ہے، ہیپاٹائٹس کے ٹیسٹ حکومت مفت کرے گی۔ وفاقی وزیرِ صحت نے بتایا کہ پمز کی نئی ایمرجنسی اور ٹراما سینٹر تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں، نئی ایمرجنسی میں 11 وینٹی لیٹرز موجود ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ پمز میں اسلام آباد کا پہلا کینسر اسپتال بھی تعمیر کیا جارہا ہے، جو 205 بستروں پر مشتمل ہوگا اور اس کی تعمیر پر 10 ارب روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ بعدازاں مصطفیٰ کمال نے پمز کے ایم سی ایچ وارڈ اور نئے ٹراما سینٹر کا دورہ بھی کیا۔ سانحہ پمز کی جگہ کو ڈی سیل کرنے کے حوالے سے سوال پر انہوں نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر سلمان سے دریافت کیا کہ جگہ کب تک کھولی جائے گی، جس پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹر نے کہا کہ اس بارے میں ابھی معلوم کرنا ہوگا۔ وزیرِ صحت نے تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جگہ قیامت تک سیل نہیں رہے گی، دیکھنا ہوگا اسے کب تک کھولا جاسکتا ہے اور اس پر کام ہونا چاہیے۔ انہوں نے اے سی کے آٹرز کی جگہوں کے بارے میں بھی معلومات طلب کیں اور کہا کہ کام کی رفتار دیکھ کر ایسا نہیں لگتا کہ منصوبہ جلد مکمل ہوگا۔

01

سے زیادہ قرض لینے والے ملکوں میں شامل ہوگیا۔ مالی سال 2026 میں آئی ایم ایف کی تربیت حاصل کرنے والے ممالک کی فہرست میں پاکستان کو نویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔ رپورٹ میں آئی ایم ایف کی جانب سے سیلاب زدگان کی مدد کا بھی اعلان کیا گیا۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سمیت 5 ممالک کو قرضے دیئے، مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیا میں پاکستان کو سب سے بڑا قرضہ دیا گیا، تقریباً 1.8 ارب ایس ڈی آر میں سے پاکستان کو ایک ارب ایس ڈی آر ملے، پاکستان کیلئے منظور رقم تقریباً 1.37 ارب ڈالر کے مساوی ہے۔

02

میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے، منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا لیوی کے خاتمہ کی ملک گیر احتجاجی تحریک جاری ہے، اسلام آباد لانگ مارچ چند روز کے لیے حکمت عملی کے تحت موخر کیا، وزیراعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر پٹرولیم لیوی پر بات چیت کا آغاز کریں، ٹال مٹول سے کام لیا گیا تو مارچ کا آغاز کردیں گے۔ حکومت نے جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کارکنوں کے ٹکراؤ کا جال بچھایا تھا، اسے ناکام کردیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیا الدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد سومنات ہے نہ کسی کی جاگیر۔ جہاں پالیسی ساز ادارے، سپریم کورٹ، پارلیمنٹ موجود ہے وہاں ہر سیاسی پارٹی کو احتجاج کا حق حاصل ہے، احتجاج کو پرامن رکھنا سیاسی پارٹی کی ذمہ داری ہے۔ پی ٹی آئی کے احتجاج کی حمایت اور کارکنوں اور بالخصوص خواتین کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں۔

03

کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے۔ ورلڈ میری ٹائم ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 2026 کا موضوع ”پالیسی سے عمل درآمد تک: بحری شعبے میں بہترین کارکردگی کا فروغ“ بحری پالیسیوں اور بین الاقوامی معیارات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بحری معیارات پر عمل درآمد

تحت بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جارہا ہے تاکہ یارڈ کو بین الاقوامی حفاظتی اور ماحولیاتی معیارات سے ہم آہنگ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بحری آپریشنز میں ماحولیاتی تحفظ کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا بالخصوص سمندری آلودگی پر قابو پانے اور ماحول دوست شپنگ کی جانب منتقلی کے لیے اقدامات ضروری ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ساحلی علاقوں میں مینگرووز کی بحالی کے اقدامات کیے جارہے ہیں جبکہ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے سمندری آلودگی کے خاتمے کے لیے ہفتہ وار صفائی مہم بھی شروع کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ میری ٹائم ڈے کا 2026 کا موضوع پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے بھی اہم ہے جس میں بنیادی ڈھانچے اور جدت کے ذریعے ہدف 9، موسمیاتی اقدامات کے ذریعے ہدف 13، سمندروں کے تحفظ کے ذریعے ہدف 14 اور عالمی شراکت داری کے ذریعے ہدف 17 کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یہ موضوع پاکستان کے لیے بندرگاہی آپریشنز، شپنگ، بحری تحفظ، بحری عملے کی تربیت اور سمندری ماحول کے تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے طویل المدتی وژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا مجوزہ ”میری ٹائم سنچری 2047ء تا 2147ء“ گہرے سمندر کی نئی بندرگاہوں کے قیام، جہاز سازی اور جہازوں کی ری سائیکلنگ کے لیے مصنوعی ذہانت سے لیس بحری صنعتی مراکز کے قیام، پاکستان میں جہازوں کی تیاری، ماحول دوست اور ڈیجیٹل بندرگاہوں کی ترقی اور علاقائی بحری تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کرے گا۔

04

وزیراعظم نے یورپی یونین کے ساتھ وسیع البنیاد شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور پاکستان یورپی یونین اسٹریٹجک انگیجمنٹ پلان پر مکمل عملدرآمد کے عزم کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لیے جی ایس پی پلس (GSP+) فریم ورک کے تحت مسلسل روابط جاری رکھنے کا عزم کیا۔ رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور تنازعات کے پرامن حل کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے یورپی کونسل اور یورپی کمیشن کے صدور کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی مکمل توجہ ایران

سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے اقدامات اور پائیدار، ٹیکنالوجی پر مبنی اور برآمدی سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع کو اجاگر کیا۔ وفاقی وزیر نے گلوبل ریگولیٹری انوویشن پلیٹ فارم کے افتتاحی پینل ”ریگولیٹنگ تھرو ان سرٹینٹی: ٹرننگ انوویشن انٹو امپلی منٹیشن“ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایسا ریگولیٹری ماحول تشکیل دے رہا ہے جو عوامی مفاد کا تحفظ، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال اور مستحکم رکھے اور جدت کو تصورات سے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ حکومت کا مقصد کم سے کم، سادہ، واضح اور قابلِ پیش گوئی ریگولیشنز متعارف کرانا ہے، جبکہ ضروری حفاظتی تقاضوں کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی مقصد بہتر ریگولیشن ہے، جو سرمایہ کاروں کے لیے منصوبہ بندی کو آسان بنائے، بدلتے ہوئے حالات کے مطابق خود کو ڈھال سکے اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھے۔ وفاقی وزیر نے ریگولیٹری جدیدکاری میں بورڈ آف انویسٹمنٹ کے مرکزی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ تقریباً 30 شعبوں میں 90 کے قریب وفاقی و صوبائی محکموں کے تعاون سے 500 سے زائد ریگولیٹری اصلاحات نافذ کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریگولیٹری ماڈرنائزیشن انیشی ایٹو (PRMI) کاروباری معاملات سے متعلق قوانین و ضوابط کا جائزہ لینے، انہیں آسان بنانے اور ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کر رہا ہے۔

06

کو تبدیل نہیں کرسکتے، یہ رولز سیٹلڈ قوانین ہیں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان پولیس سروس رولز کو اوور رائٹ نہیں کیا جاسکتا، ایسی پولیس جو دہشتگردی سے لڑ رہی ہے جو نہتی ہونے کے باوجود اپنی خدمات دے رہی ہے، آپ کے پی پولیس کے کمانڈ سٹرکچر کو تباہ نہیں کرسکتے، ایسی قانون سازی جو آئین و قانون سے متصادم ہے، آپ نے پولیس کا کمانڈ سٹرکچر ہی تباہ کردیا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ آپ نے ڈی ایس پی سے اعلیٰ پولیس افسران کو لگانے کا اختیار اپنی جیب میں رکھنے کی کوشش کی، اس طرح پولیس یہ نہیں دیکھے گی کہ سیاسی جماعت کیا چاہتی ہے؟ کیا اس طرح پولیس کا ڈسپلن متاثر نہیں ہوگا؟ پولیس افسران کی پوسٹنگ کیلئے مشاورت کے اختیار پہلے ہی چاروں وزرائے اعلیٰ کے پاس ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اداروں کو سیاست سے پاک کرنے کی بات کرتے تھے، ڈسپلنڈ فورس کا بیڑہ غرق کرکے آپ چاہتے ہیں فورس کا مورال تباہ کیا جائے، آپ اپنے گھروں کے لوگوں کو ڈی ایس پی بھرتی کرنا چاہتے ہیں، کے پی پولیس کی تنخواہیں اور شہداء پیکیج دیگر صوبوں کی پولیس سے کم تھا، وہ صوبہ جو 20 سال سے دہشتگردی کیخلاف جنگ لڑ رہا ہے وہاں سی ٹی ڈی کے دفاتر کرائے کی عمارتوں میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 800 ارب جو آپ کو این ایف سی سے دہشتگردی کیخلاف جنگ کیلئے ملا تھا بتائیں وہ کہاں لگا ہے، ایک ایک دہشتگرد کے پاس 10 سے 15 ہزار ڈالر کا سامان ہوتا ہے، کے پی پولیس کا سپاہی بغیر بلٹ پروف جیکٹ ڈیوٹی دیتا ہے، آپ نے پولیس کا کمانڈ سٹرکچر تباہ کرکے اختیار اپنے پاس رکھنے کی کوشش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ امن کمیٹیوں کیلئے آپ نے کسی سول سوسائٹی یا اپوزیشن لوگوں کو شامل نہیں کیا گیا، کے پی حکومت کے پاس قانون سازی کا مادر پدر آزاد اختیار نہیں ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ کوہاٹ سانحے میں شہید ہونیوالوں کے جنازوں میں کئی صوبائی وزیر نہیں تھا، آپ تو شہداء کے ساتھ بھی کھڑے نہیں ہوتے، آپ ایسا کرکے فورس کا مورال خراب نہیں کرسکتے، وفاق ہر چیز کو آئین اور قانون کی نظر سے دیکھتا ہے، آپ پولیس کو اپنے گھر کی لونڈی نہیں بناسکتے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی قوانین ہی صوبائی قوانین کے اوپر ہوں گے، ایسی صورتحال بنی تو ہم پارلیمنٹ میں جائیں گے اور قانون سازی کریں گے۔

07

، کنٹینرز سڑک کنارے پڑے ہیں اور سڑکیں کھلی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں، لانگ مارچ موخر کیے جانے تک ان سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیئے جارہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں کسی کو بھی چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں۔

08

، خیبر پختونخوا حکومت کو اس معاملے پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے منظور کیے گئے ایکٹ کے حوالے سے جمعیت علماء اسلام اپنا موقف مرتب کرنے کے لیے قانونی ماہرین سے مشاورت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اس معاملے کے تمام آئینی اور قانونی پہلوؤں کا جائزہ لے رہی ہے، جس کے بعد اس حوالے سے واضح مؤقف سامنے لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ عجلت کے بجائے معاملے کے تمام پہلوؤں پر غور کرے اور ایکٹ پر نظر ثانی کرے تاکہ مستقبل میں کسی قسم کی آئینی یا قانونی پیچیدگی پیدا نہ ہو۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے مولانا فضل الرحمٰن اور مولانا عطاء الرحمٰن کے سعودی عرب جانے کے حوالے سے کہا کہ دونوں رہنما پہلے سے طے شدہ شیڈول کے مطابق سعودی عرب گئے ہیں، ان کے دورے کو موجودہ سیاسی معاملات سے جوڑنا درست نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخوا حکومت کے ایکٹ کے معاملے پر قانونی ماہرین سے مشاورت جاری رکھے ہوئے ہے اور آئینی و قانونی جائزے کے بعد پارٹی اپنا موقف پیش کرے گی۔

09

دار اپنے حق سے محروم نہیں رہے گا، ملازمتیں صرف میرٹ پر دی جائیں گی۔ سرفراز بگٹی نے یہ بھی کہا کہ بلوچستان میں اچھے طرز حکمرانی کی بنیاد رکھ دی ہے اور اس تسلسل کو برقرار رکھا جائے گا۔

10

ابوعمر سے افغان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس (جی ڈی آئی) کا کارڈ برآمد ہوا، جبکہ ہلاک دہشت گرد خلیل احمد سے افغان تذکرہ برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان میں دہشت گردی کے لیے بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان رجیم کے مبینہ گٹھ جوڑ کا انکشاف اس سے قبل بھی ایک انٹیلی جنس رپورٹ میں کیا جاچکا ہے۔ خفیہ رپورٹ کے مطابق 2025 میں بھارتی خفیہ ایجنسی را اور افغان طالبان انٹیلی جنس کے درمیان مشترکہ خفیہ نیٹ ورک کا انکشاف ہوا تھا۔ عالمی تجزیہ کار دیکھیں رپورٹ کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی۔ رپورٹ کے مطابق ملا ہبت اللہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو جدید اسلحہ اور لاجسٹک سپورٹ فراہم کی گئی۔ طالبان رہنما ملا ہبت اللہ کی جانب

(01)

کے مطابق موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر پیپلز شٹل ٹرین سروس کے افتتاح کی مقررہ تاریخ پر عمل درآمد ممکن نہ ہوسکا، جس کے باعث افتتاحی تقریب ملتوی کردی گئی ہے۔ٹرین سروس کے آغاز کے لیے نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ریلوے اور صوبائی حکومت کی جانب سے شٹل ٹرین سروس کے ذریعے شہریوں کو سفری سہولت فراہم کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا تھا، تاہم سیکیورٹی صورتحال کے باعث اس کے باقاعدہ آغاز میں ایک مرتبہ پھر تاخیر ہوگئی ہے۔

(02)

پولیس اہلکاروں سمیت رکشہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگئے۔ذرائع کے مطابق حادثے میں ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہے۔ایمبولینس کی عدم دستیابی کے باعث عوام نے زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کیا، جبکہ حادثے میں متاثرہ دونوں گاڑیوں کو سڑک سے ہٹا دیا گیا۔

(03)

اور متحدہ عرب امارات کے درمیان افرادی قوت، روزگار کے نئے مواقع، پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعلقات مثالی ہیں، جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان افرادی قوت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے شعبوں میں بھی مسلسل کام جاری ہے۔اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے ملاقات کو خوشگوار اور مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے فروغ کیلئے سنجیدہ کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے عرصے میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات میں مزید مثبت پیش رفت ہوگی۔ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر نے متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے اور ویزا سینٹر کا دورہ بھی کیا، جہاں انہیں ویزا درخواستوں کی کارروائی اور درخواست گزاروں کو فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

(04)

پر تفصیلی بریفنگ دی۔کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام کام منظور شدہ معیار اور مقررہ اسپیسیفکیشنز کے مطابق مکمل کیے جائیں، جبکہ ای کامرس وآئی ٹی لیب کے منصوبے کو مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔انہوں نے جدید آئی ٹی سہولیات کی فراہمی اور معیاری آلات کی تنصیب یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنائیں۔کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ حکام کو کام کے معیار اور رفتار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت بھی کی۔

(05)

پشاور کے تھانہ شرقی کی پولیس نے پیشرفت رپورٹ عدالت میں جمع کرائی، جس کے مطابق خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی موقع پر موجودگی کی تصدیق کی گئی ہے۔وکیل ریڈیو پاکستان کے مطابق تفتیشی افسر نے چالان کرنے کیلئے وقت مانگا ہے،عدالت نے تفتیشی افسر کو چالان جمع کرنے کا حکم دے دیا ہے، پولیس رپورٹ میں سہیل آفریدی، تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم، کامران بنگش اور دیگر نامزد ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پشاور پولیس نے نادرا اور لاہور فرانزک لیب سے ویڈیوز اور تصاویر کی تصدیق کرائی، جس کی رپورٹ پولیس کو باقاعدہ موصول ہو چکی ہے۔پولیس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم اور کامران بنگش کی موجودگی کی نادرا اور لاہور فرانزک لیب سے تصدیق ہوگئی، جس کی بنیاد پر پولیس نے پیش رفت رپورٹ میں انہیں نامزد کیا ہے۔

(06)

اور ریسٹورنٹس رات 11 بجے بند ہوں گے، فارمیسیز، اسپتال، پیٹرول پمپس اور ڈیری شاپس پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے۔کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

(07)

کرنے والے حقیقی صحافیوں کو گھنٹوں انتظار کروایا جاتا جہاں علاقے کے بنیادی وعوامی مسائل کو سامنے لانے والے نمائندوں اور صحافیوں کو نظرانداز کر کے صرف مخصوص طبقے کا موقف سنا اور دیا جارہا ہے اس صورتحال کی وجہ سے علاقے کے حقیقی اور سنجیدہ مسائل التوا کا شکار ہورہے ہیں ضلعی انتظامیہ کچھی کی جانب سے کھلی کچہری میں علاقے کے عوامی و بنیادی مسائل اور امن وامان کی ابتر صورتحال کو اجاگر کرنے پر کچھی کے سچے اور حقیقی صحافی کیساتھ غیر امتیازی سلوک جاری ہے انتظامیہ کی جانب سے صحافیوں کو اپنے فرائض کی بجا آوری اور حق وسچ کی آواز بلند کرنے پر مبینہ طور پر ناروا سلوک کیا جانے لگا ہے ضلعی انتظامیہ کچھی کی جانب سے منعقد کی گئی کھلی کچہری میں مقامی صحافی نے ڈسٹرکٹ کچھی میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال عوامی مشکلات اور دیگر انتظامی و بنیادی مسائل کو کھل کر سامنے رکھا تھا اور انتظامیہ کی توجہ ان اہم امور کی طرف مبذول کرائی تھی صحافتی حلقوں کا کہنا ہے کہ کھلی کچہری میں حقائق سامنے لانے اور عوامی آواز بننے کے پاداش میں ضلعی انتظامیہ کچھی نے مثبت اقدامات اٹھانے کے بجائے صحافی کو ہی سزا دینا شروع کردی ہے جو کہ آزادی صحافت پر حملہ اور عوامی مسائل سے نظریں چرانے کے مترادف ہے جبکہ ضلعی انتظامیہ علاقے میں امن وامان کی بحالی سمیت دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں کچھی کے سیاسی سماجی وصحافی اور عوامی حلقوں نے اس رویے پر شدید اظہار برہمی کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کچھی کے اس ناروا سلوک کا خاتمہ کیا جائے تا کہ عام الناس کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہوسکیں اور صحافیوں کو بغیر کسی تعصب کے کام کرنے کی فضا میسر آئے۔

(08)

نے کہا کہ 22 سال سے خیبر پختونخوا پولیس اور عوام مسلسل دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں، پولیس اور عوام کی قربانیوں کے نتیجے میں 2018ء سے 2022ء تک عمران خان کی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا میں امن قائم ہوا، 2022ء میں رجیم چینج آپریشن اور ریاست کی غلط پالیسی کی وجہ سے خیبر پختونخوا میں دوبارہ دہشت گردی لائی گئی، ہم نے ہر فورم پر آواز اٹھائی کہ دہشت گردوں کو دوبارہ آباد نہ کیا جائے، آج ریاست کی غلط پالیسی کے باعث فوجی جوان، پولیس اہلکار اور عام شہری شہید ہو رہے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب تک امن نہیں ہوگا تب تک ترقی اور خوشحالی نہیں آسکتی، 15 اکتوبر 2025ء کو حکومت سنبھالنے کے بعد پولیس کے لیے تاریخ میں بے مثال فنڈز فراہم کیے، گزشتہ سال سالانہ بجٹ سے ہٹ کر پولیس کو 35 ارب روپے اضافی دیے گئے، رواں سال پولیس کا بجٹ 80 ارب روپے سے بڑھا کر 190 ارب روپے کیا ہے، پولیس فرنٹ فٹ پر دہشت گردی کا مقابلہ کر رہی ہے، ان کی قربانیوں کا احساس ہے۔

(09)

جہاں موجود بندرگاہی اور بحری سہولیات ملکی تجارت اور معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔گورنر سندھ نے کہا کہ سمندری وسائل کا مؤثر اور پائیدار استعمال ملکی معیشت کے لیے نئے مواقع پیدا کرسکتا ہے۔میری ٹائم سیکٹر میں جدید ٹیکنالوجی، ہنرمند افرادی قوت اور بہتر انفراسٹرکچر وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ پاکستان کو اپنی طویل ساحلی پٹی اور بحری وسائل سے بھرپور معاشی فوائد حاصل کرنے کے لیے مزید جامع حکمت عملی اپنانا ہوگی۔

(10)

بریفنگ پیش کی، جبکہ شعبوں میں ٹیکس وصولی کی صورتحال اور پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔چیئرپرسن نے ٹیکس انتظامیہ کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن اور مختلف نظاموں کے باہمی انضمام (Systems Integration) پر زور دیا۔انہوں نے ڈیٹا کے مؤثر تجزیے کے لیے ایک جامع اور مربوط ڈیٹا اینالیٹکس سسٹم کی تیاری کی ہدایت بھی کی تا کہ دستیاب معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے ٹیکس بیس، رجسٹریشن اور محصولات کی وصولی میں بہتری لائی جاسکے۔چیئرپرسن نے متعلقہ حکام کو ٹیکس قوانین کی عدم تعمیل کرنے والے سروس فراہم کنندگان کے خلاف ٹیکس انفورسمنٹ کے لیے مزید مؤثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی، جبکہ ٹیکس نظام میں شفافیت اور ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے کے عمل کو بھی مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ جدید ڈیجیٹل نظام، مربوط ڈیٹا اور مؤثر ٹیکس انتظامیہ کے ذریعے ٹیکس وصولی کے عمل کو زیادہ شفاف، مؤثر اور سہل بنایا جاسکتا ہے۔

(11)

کا فیصلہ کرلیا ہے۔میڈیا سے گفتگو کے دوران جنید اکبر کا کہنا تھا کہ ہمیں ہرصورت مرنا ہی ہے، اگر حکومت یا سیکیورٹی ادارے نہیں ماریں گے تو ہمارا اپنا ووٹر اور کارکن ہمیں مار دے گا، اس لیے ہم نے طے کیا ہے کہ اس بار ذلت کے بجائے عزت کی موت مریں گے، آج جو بھی سختیاں ہیں وہ اسی وجہ سے ہیں کہ ہم کوئی کمٹمنٹ نہیں کر رہے، ہم نے کب آنا ہے، کہاں آنا ہے، کیسے آنا ہے یہ ہمارا فیصلہ ہے ہمیں کوئی بھی ڈکٹیٹ نہیں کرسکتا۔انہوں نے انکشاف کیا کہ جب بھی حکومت کے ساتھ ہمارے مذاکرات یا بات چیت ہوئی، حکومت کا یہی روایتی جواب آتا تھا کہ ہم بالکل بے اختیار ہیں، ہمارے بس میں کچھ نہیں ہے اور فیصلے کوئی اور کررہا ہے، مقتدرہ نے پچھلے تین سالوں سے ہمیں بتی کے پیچھے لگائے رکھا اور ہمیں اپنے ہی کارکنوں کی نظروں میں رسوا اور ذلیل کردیا، سہیل آفریدی نے 52 دن کا فرق رکھ کر لانگ مارچ کا اعلان کیا، حکومت کو ان دنوں میں تو مذاکرات یاد نہیں آئے لیکن اب جب لانگ مارچ کی تیاریاں مکمل ہیں تو یہ مذاکرات کی بات کررہے ہیں۔جنید اکبر نے تسلیم کیا کہ پی ٹی آئی کا ووٹر عمران خان کی محبت میں اپنی ہی قیادت سے شدید ناراض اور نالاں ہے کیونکہ وہ ہمیں مسلسل آگے بڑھتے اور عملی جدوجہد کرتے دیکھنا چاہتا ہے، اب کسی مذاکرات یا پسپائی کی گنجائش ختم ہوچکی ہے اور 27 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کی کال صرف اور صرف عمران خان ہی واپس لے سکتے ہیں، ہم اپنے کارکنوں اور عوام کو مزید مایوس نہیں کریں گے اور تمام تر نتائج سے قطع نظر اسلام آباد کی طرف پیش قدمی کی جائے گی۔

(12)

کرتے ہوئے کیا شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام نے ہمیں اس لیے منتخب کیا ہے کہ ہم ان کے بنیادی مسائل کے خاتمے اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔عوامی نمائندگی ہمارے لیے ایک ذمہ داری ہے اور ہم اس ذمہ داری کو بھرپور انداز میں نبھانے کے لیے کوشاں ہیں۔شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ علاقے میں ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے رابطے میں ہیں اور جہاں ضرورت ہوگی وہاں مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ان سے براہ راست رابطہ برقرار رکھا جائے گا، علاقے کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوام کی مشکلات کا ازالہ ہی ہماری سیاست اور عوامی نمائندگی کا بنیادی مقصد ہے۔

(13)

کے مطابق امریکا اور اس کے اتحادی جتنی زیادہ جوہری تخفیف پر زور دیں گے، شمالی کوریا کا مقف اتنا ہی سخت ہوتا جائے گا۔دوسری جانب شمالی کوریا نے 240 ملی میٹر گائیڈڈ ملٹی پل راکٹ لانچر سسٹم کا تجربہ کیا ہے۔شمالی کوریا کی سرکاری خبرایجنسی کے مطابق جدید راکٹ لانچر کا تجربہ منگل کو کیا گیا، تجربے میں طویل فاصلے تک ہدف کو نشانہ بنانے والے راکٹوں کی درستگی اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔شمالی کوریا کے مطابق راکٹ خودکار نظام کے ذریعے 100 کلو میٹر دور تک جبکہ گائیڈڈ موڈ میں 115 کلومیٹر دور اہداف کو نشانہ بنا سکتے ہیں، نئے راکٹ سسٹم سے جنوبی سرحد پر فائر پاور میں نمایاں اضافہ ہوگا۔واضح رہے کہ 3 روز قبل امریکا، جنوبی کوریا اور جاپان نے ملاقات میں شمالی کوریا کی مکمل جوہری تخفیف کے عزم کا اعادہ کیا تھا، تینوں ممالک نے پیانگ یانگ پر مذاکرات کی میز پر واپس آنے پر بھی زور دیا تھا۔

(14)

کے عام انتخابات کے سلسلہ میں نیتن یاہو حکومت کی درخواست پر پابندی لگائی ہے جبکہ عرب سیاسی راہنماں سمیت بعض امیدواروں کو بھی انتخابات سے نااہل قرار دے دیا گیا ہے اسرائیلی ذرائع ابلاغ اور انسانی حقوق کی تنظیم عدالہ کے مطابق مرکزی انتخابی کمیٹی نے 23 ستمبر کو طویل ساعتوں کے بعد عرب اکثریتی جماعت رعم اور جوائنٹ لسٹ کے خلاف نااہلی کی درخواستیں منظور کرلیں رعم کے حق میں نااہلی کی قرارداد 18 کے مقابلے میں 5 ووٹوں سے منظور ہوئی جبکہ ایک رکن نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا جوائنٹ لسٹ کو بھی 18 کے مقابلے میں 5 ووٹوں سے انتخابات سے روکنے کا فیصلہ کیا گیا مرکزی انتخابی کمیٹی نے بلاد پارٹی کے سربراہ اور سابق رکن کنیسٹ سامی ابوشحادہ کو بھی 31 کے مقابلے میں 4 ووٹوں سے نااہل قرار دیا ان کے خلاف درخواست میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ انہوں نے اسرائیل کے خلاف مسلح جدوجہد کی حمایت کی ابو شحادہ نے اس فیصلے کو چیلنج کرنے کا اعلان کیا ہے

(15)

پر جاری ہیں۔رپورٹ کے مطابق انویسٹی گیشن سیل کے سربراہ نعیم اشرف بٹ نے ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو حال ہی میں جیل سے راولپنڈی کے شفا ہسپتال لایا گیا تھا جہاں ان کی دو اہم شخصیات سے ملاقات ہوئی۔انہوں نے بتایا کہ لانگ مارچ کا بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی سے کوئی تعلق نہیں، عمران خان کی رہائی سے متعلق معاملات علیحدہ سطح پر زیرعمل ہیں اور ان پر پیش رفت جاری ہے۔نعیم اشرف بٹ کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ کا اعلان پی ٹی آئی قیادت، بالخصوص وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی پر دبا کا نتیجہ ہے، سہیل آفریدی کو اس سے قبل بانی پی ٹی آئی کی ناخوشی کا سامنا بھی کرنا پڑا تھا۔دوسری جانب ذرائع کے مطابق حکومت نے اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کی حکمت عملی طے کرلی ہے اور واضح کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی رہائی کو مذاکراتی ایجنڈے کا حصہ نہیں بنایا جائے گا۔حکومت نے اپوزیشن جماعتوں کو آگاہ کردیا ہے کہ عمران خان کے امور پر گفتگو صرف اسی صورت ممکن ہے، جب پی ٹی آئی اپنے اعلان کردہ لانگ مارچ کو ملتوی یا منسوخ کرے۔حکومت کا کہنا ہے کہ وفاق پر چڑھائی کی دھمکی کی موجودگی میں مذاکرات نہیں ہو سکتے۔حکومت نے عمران خان کو مستقل بنیادوں پر کسی پرائیویٹ اسپتال منتقل کرنے کی تجویز بھی رد کر دی ہے، تاہم، چیف الیکشن کمشنر اور الیکشن کمیشن کے دو اراکین کی تعیناتی پر وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کے درمیان جلد بات چیت ہوگی۔

(16)

نی برادری کے ساتھ انتہائی خوشگوار تعلقات رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) بلوچستان کے صدر محمد حنیف جمالی کی قیادت میں پی جے اے کے عہدیداران پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔وفد میں پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے محمد شاہد مگسی، ہما بلوچ، سمیرہ راجپوت، مہوش، فردوس، فریا بتول، مس نورین، مس دنیا، جہانزیب، اکرم، اروَن کمار، محمد شہزاد، فیروز جمالی، محمد ظفر جمالی بھی موجود تھے۔اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ میڈیا ریاست کا ایک نہایت اہم ستون ہے اور پروفیشنل صحافی اپنے پیشہ ورانہ معیار اور وقار کو برقرار رکھنے کیلئے کافی محنت اور جدوجہد کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک ذمہ دار اور آزاد صحافت معاشرے میں عوامی مسائل اجاگر کرنے، اداروں کو جوابدہ بنانے اور عوام اور حکومتی اداروں کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔گورنر مندوخیل نے کہا کہ انہوں نے روز اول سے گورنر ہاؤس کے دروازے میڈیا پرسنز سمیت تمام عوام کیلئے کھلے رکھے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ صحافیوں کے مسائل اور پیشہ ورانہ ضروریات کو ہمیشہ اہمیت دی ہے اور ان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائیگا۔آخر میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے پاکستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے بارہویں یوم تاسیس کے موقع پر کیک بھی کاٹا۔

(17)

مستونگ کو قلات ڈویژن سے علیحدہ کرکے کوئٹہ ڈویژن میں شامل کردیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں ضلع کوئٹہ کی انتظامی تقسیم کی منظوری دی گئی ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع کوئٹہ ایسٹ میں سریاب، صدر اور سٹی سب ڈویژنز شامل ہوں گے، جبکہ ضلع کوئٹہ ویسٹ میں کچلاک، بروری اور پنجپائی سب ڈویژنز شامل کیے گئے ہیں۔نوٹیفکیشن کے تحت ضلع مستونگ کو قلات ڈویژن سے الگ کرکے کوئٹہ ڈویژن کا حصہ بنا دیا گیا ہے، جس کے بعد کوئٹہ ڈویژن میں ضلع کوئٹہ ایسٹ، ضلع کوئٹہ ویسٹ اور ضلع مستونگ شامل ہوں گے۔حکومت بلوچستان کی جانب سے ضلع کوئٹہ کی تقسیم کا مقصد انتظامی امور کو منظم کرنے اور شہری و دیہی علاقوں میں حکومتی خدمات کی فراہمی کے نظام کو نئی انتظامی حدود کے مطابق ترتیب دینا ہے۔نئی تقسیم کے بعد متعلقہ اضلاع اور سب ڈویژنز کے انتظامی معاملات نوٹیفکیشن کے تحت طے کیے جائیں گے۔

(18)

کی سرگرمیوں کے لیے کھولا جائے تا کہ مقامی آبادی کا روزگار اور کاروباری سرگرمیاں بحال ہو سکیں۔اپنے ایک بیان میں سردار برات خان درانی نے کہا کہ چمن بارڈر کی بندش کے باعث سرحدی علاقوں میں رہنے والے ہزاروں افراد شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں، جبکہ بارڈر سے وابستہ تجارت، کاروبار اور روزگار کی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ مقامی آبادی کے مسائل اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت کو اس معاملے پر فوری اور سنجیدہ اقدامات کرنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ چمن بارڈر صرف تجارتی سرگرمیوں کا ذریعہ نہیں بلکہ سرحد کے دونوں جانب آباد لوگوں کے تاریخی، قبائلی اور تجارتی روابط بھی اسی سے وابستہ ہیں۔

(19)

کے خوبصورت مناظر سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسیں اسلام آباد کے 15 سے زائد اہم تفریحی، تاریخی اور سیاحتی مقامات سے منسلک ہوں گی۔لیک ویو پارک، شکر پڑیاں، پاکستان مونومنٹ، فیصل مسجد، دامنِ کوہ اور ڈی چوک روٹ میں شامل ہوں گے۔ڈبل ڈیکر بس سروس شہریوں اور سیاحوں کو دارالحکومت کی خوبصورتی دیکھنے کا نیا اور منفرد موقع فراہم کرے گی۔الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسوں میں 90 مسافروں کے سفر کی گنجائش ہوگی۔شہریوں اور سیاحوں کو جدید سہولیات کی فراہمی سی ڈی اے کی اہم ترجیح ہے۔الیکٹرک ڈبل ڈیکر بس سروس اسلام آباد کی سیر کو ایک نیا اور منفرد انداز دے گی۔سی ڈی اے کا مقصد اسلام آباد کو مزید پرکشش اور سیاح دوست دارالحکومت کے طور پر فروغ دینا ہے۔شہریوں نے اسلام آباد میں الیکٹرک ڈبل ڈیکر بس سروس متعارف کرانے کے اقدام کا خیر مقدم کیا۔

(20)

ہیکنگ گروپ کی جانب سے جاری کیے گئے مبینہ ڈیٹا میں تقریبا 5 ہزار ریکارڈز شامل ہیں، جبکہ ہیکرز کا دعویٰ ہے کہ یہ ان کے پاس موجود 2 سے 3 ٹیرا بائٹ کے ڈیٹا کا صرف ایک معمولی حصہ ہے۔ایف بی آئی نے سائبر حملے اور ملازمین کی ذاتی معلومات متاثر ہونے کے دعوے کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات شروع کردی ہیں، تاہم بیورو کا کہنا ہے کہ ڈیٹا چوری ہونے کی اصل وجہ ابھی معلوم نہیں ہوسکی۔رائٹرز کی جانب سے دستیاب ڈیٹا کے جائزے کے مطابق بعض معلومات چین اور روس کی انٹیلی جنس سرگرمیوں، منشیات اسمگلنگ کرنے والے گروہوں، انسداد دہشت گردی اور خفیہ نگرانی جیسے حساس معاملات سے متعلق ہیں۔اس ڈیٹا میں مبینہ طور پر ہزاروں موجودہ اور سابق ایف بی آئی ملازمین کے نام، پتے، فون نمبرز، تاریخ پیدائش، سوشل سیکیورٹی نمبرز اور ہنگامی رابطہ نمبرز شامل ہیں۔اس کے علاوہ بعض ملازمین کو مخصوص ایف بی آئی فیلڈ دفاتر اور ایسے یونٹس سے منسلک کیا گیا ہے جو انٹیلی جنس، سیکیورٹی اور انسداد جاسوسی جیسے حساس کام کرتے ہیں۔ایف بی آئی نے کہا ہے کہ اسے ایک سائبر جرائم پیشہ گروپ کے اس دعوے کا علم ہے کہ اس نے ایف بی آئی جوبز ڈاٹ جی او وی پورٹل کو نشانہ بنایا اور ایف بی آئی کے ملازمین کی ذاتی معلومات متاثر ہوئی ہیں۔بیورو کے مطابق سائبر حملے کی اصل وجہ ابھی طے نہیں ہوئی اور معاملے کی فعال اور جامع تحقیقات جاری ہیں۔ہیکنگ گروپ شائنی ہنٹرز نے دعویٰ کیا تھا کہ اس نے موجودہ اور سابق ایف بی آئی ملازمین سے متعلق بڑی مقدار میں ڈیٹا چوری کیا ہے۔گروپ کا کہنا ہے کہ اس نے یہ معلومات اس وقت تک روک رکھی ہیں جب تک ایف بی آئی اس گروپ کے بارے میں مئی میں جاری کیے گئے ایک تنقیدی بیان کو واپس نہیں لیتی۔

(21)

کرنے اور روکنے سے متعلق قانونی اختیار پر معاونت طلب کرلی۔جسٹس انعام امین منہاس نے شہری ساجد کی درخواست پر سماعت کی۔عدالتی طلبی پر ایف آئی اے کی ایڈیشنل ڈائریکٹر زنیرہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر افضل نیازی عدالت میں پیش ہوئے۔ایف آئی اے کی جانب سے 1975 کا ایک لیٹر عدالت میں پیش کیا گیا، جس پر عدالت نے ریمارکس دیے کہ اس لیٹر میں ایسا کچھ نہیں کہ آپ شہریوں کو آف لوڈ کرسکیں۔ایف آئی اے حکام نے بتایا کہ ایسے اقدامات ایس او پیز کے تحت کیے جاتے ہیں۔جسٹس انعام امین منہاس نے ریمارکس دیے کہ ایس او پیز قانون نہیں ہوتے، ہمیں قانون پر عمل درآمد کرنا ہوتا ہے۔

(22)

کرتے ہوئے ہسپانوی وزیراعظم پیڈرو سانچیز نے کہا کہ سپین غزہ کی صورتحال کے ردعمل میں پہلے ہی اسرائیل کے خلاف پابندیوں سمیت متعدد اقدامات کر چکا ہے اور مزید اقدامات پر بھی غور کر رہا ہے۔ہسپانوی وزیراعظم حالیہ مہینوں کے دوران غزہ جنگ سے متعلق اسرائیلی پالیسیوں کے نمایاں ناقد رہے ہیں، اس سے قبل ہسپانوی حکومت اسرائیل کو ہتھیاروں کی برآمدات محدود کرنے اور بعض فوجی تعاون کو روکنے جیسے اقدامات کا اعلان بھی کر چکی ہے۔پیڈرو سانچیز نے اس سے پہلے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتیرس سے ملاقات کے دوران غزہ اور مشرق وسطیٰ کی مجموعی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا، ہسپانوی وزیراعظم کے دفتر کے مطابق دونوں رہنماں نے جاری تنازعات کے تناظر میں بین الاقوامی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

(23)

رجیم کی پاکستان میں حملے کی کوشش، پاک فوج نے تمام ڈرونز گرا دیے بیان میں مزید کہا گیا کہ نشانہ بنائے گئے مقامات کا تعلق پاکستان کے اندر نہتے شہریوں کے خلاف ہونے والے دہشت گرد حملوں سے تھا، جبکہ انہیں 23 ستمبر کو افغان طالبان حکومت کی جانب سے کی گئی حالیہ ڈرون دراندازی کی ناکام کوشش سے بھی منسلک قرار دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا، بالخصوص ایسے کسی بھی خطرے کے خلاف جو بیرونی سرپرستی، پناہ یا معاونت حاصل کرنے والے دہشت گرد یا پراکسی عناصر کی جانب سے لاحق ہو۔

(24)

ترسیل کا سلسلہ متاثر ہونے کی صورت میں مارکیٹ پر اس کے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، جبکہ پہلے ہی مہنگائی کے باعث شہری مشکلات کا شکار ہیں۔دکانداروں کا کہنا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے ترسیلی اخراجات بڑھ چکے ہیں، اب موٹروے کی بندش سے سپلائی میں رکاوٹ پیدا ہوئی تو اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے۔شہریوں اور تاجر برادری کا کہنا ہے کہ موٹروے کی بندش کے باعث اشیائے خورونوش کی ترسیل میں رکاوٹ کو جلد دور کیا جائے تا کہ مستقبل میں خوراک کی قلت اور قیمتوں میں اضافے کی صورتحال پیدا نہ ہوسکے۔

(25)

سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات میں مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔فریقین نے اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط کی اہمیت پر اتفاق کیا اور تجارت، روابط، اقتصادی تعلقات، کاروبار سے کاروبار روابط، تعلیم وتحقیق اور دفاع کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور مالدیپ کی وزیر خارجہ نے اقوام متحدہ، او آئی سی اور سارک سمیت کثیرالجہتی سطح پر مزید تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔مالدیپ کی وزیر خارجہ نے پاکستان کے ساتھ دیرینہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لئے اپنے ملک کے عزم کا اعادہ کیا۔

(26)

فیصد سے زائد حملے صارفین کی غلط کلک سے شروع ہوتے ہیں اماراتی سائبر سیکیورٹی کونسل نے کمپنیوں کو الرٹ رہنے کا مشورہ دیا ہے، اماراتی حکام کا کہنا ہے کہ سائبر حملے جنگ کا نیا ہتھیار بن چکے ہیں، سائبر حملہ آور کئی ماہ تک خاموش رہ کر کارروائی کر سکتے ہیں۔

(27)

۔جمعرات کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کو نہ دباؤ میں لایا جاسکتا ہے، نہ اس کی توجہ ہٹائی جاسکتی ہے اور نہ ہی اسے مرعوب کیا جاسکتا ہے، اور کابل کو اس خوش فہمی میں نہیں رہنا چاہیے کہ اس کی اشتعال انگیزیاں بغیر کسی نتائج کے گزر جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مصنوعی محاذ آرائی پاکستان کو علاقائی اور عالمی امن کے لیے اپنی سفارتی کوششوں سے نہیں ہٹا سکتی، نہ ہی بیرونی مہم جوئی طالبان حکومت کے ٹوٹے ہوئے وعدوں، اندرونی جبر اور ذمہ دارانہ طرز حکمرانی میں ناکامی کے ریکارڈ کو چھپا سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان رجیم نے افغانستان کی نصف آبادی کو اپنے ہی گھروں تک محدود کر رکھا ہے، خواتین اور لڑکیوں کو تعلیم، روزگار اور بنیادی آزادیوں سے محروم کر رکھا ہے

(28)

بحر ہند تک پھیلانے کی سنگین وارننگ جاری کردی۔بین الاقوامی خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر ہمہ گیر حملوں کے بعد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے اپنے پہلے خطاب میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے انتہائی جرات مندانہ اور جارحانہ مقف اپنایا، جہاں ایرانی صدر نے امریکہ پر شدید تنقید کرتے ہوئے واشنگٹن کو دہشت گردی کا مرتکب قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ جنگ کے آغاز میں ہی ایران کے سابق سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کو شہید کر کے امریکہ نے ریاستی دہشت گردی کی، ایران نے کبھی کسی جنگ کا آغاز نہیں کیا اور نہ ہی ایران امریکہ یا کسی دوسری طاقت کی دھمکیوں سے خائف ہو کر گھٹنے ٹیکے گا۔یہ ردعمل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے بعد سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے جنرل اسمبلی سے خطاب کے دوران دھمکی دی تھی کہ وہ ایران کو مکمل تباہ کرنے کے آپشن پر غور کر رہے ہیں، اگرچہ انہوں نے بعد میں تہران اور واشنگٹن کے مابین مذاکرات کے نئے دور کو بھی خوش آئند قرار دیا۔دوسری جانب ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کے سینئر مشیر اور سابق پاسداران انقلاب کمانڈر یحییٰ رحیم صفوی نے اپنے ایک پیغام میں سخت ترین وارننگ دی ہے، ایرانی خبر رساں ادارے فارس کی جانب سے جاری بیان میں رحیم صفوی کا کہنا تھا کہ یہ جنگ خلیج عرب، آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر تک پھیل چکی ہے، اگر امریکہ اور اسرائیل نے دوبارہ حملہ کرنے کی حماقت کی تو جواب کے طور پر اس جنگ کا محاذ بحرِ ہند اور اس سے بھی آگے تک پھیلا دیا جائے گا۔

(29)

اسلام آباد اور پنجاب حکومت کی تحریری درخواست پر رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دی گئی ہے، وزارت داخلہ نے رینجرز کو تمام قانونی اختیارات کے تحت پولیس کو مکمل سیکیورٹی معاونت فراہم کرنے کے واضح احکامات جاری کیے ہیں۔نوٹیفکیشن میں سخت ہدایت کی گئی ہے کہ پرتشدد، انتشاری اور مسلح جتھوں کی جانب سے کسی بھی حملے کی صورت میں رینجرز اور پولیس فوری، مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لیں، اسلام آباد پولیس نے مظاہرین اور انتشاری عناصر سے نمٹنے کے لیے منفرد حکمت عملی تیار کی ہے۔اس کے علاوہ اسلام آباد پولیس نے پتھراؤ کرنے والے مظاہرین سے نمٹنے کیلئے نیٹ لانچر متعارف کروادیا، سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ وفاقی پولیس پی ٹی آئی کے اس احتجاج کے دوران تاریخ میں پہلی بار جدید نیٹ لانچر کا استعمال کرے گی تا کہ شرپسندوں کو آگے بڑھنے سے پہلے ہی جکڑ کر حراست میں لیا جا سکے، وزارت داخلہ نے واضح کیا ہے کہ امن وامان قائم رکھنے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے رینجرز اور پولیس کو تمام ضروری، قانونی اور یکسر سخت اقدامات اٹھانے کے لیے بااختیار بنا دیا گیا ہے۔

(30)

اوور کے دوران آنکھیں بند کر کے جھکتے ہوئے دکھائی دیے جبکہ چینی صدر نے استقبال کی تقریب کے دوران کوئی ردعمل نہیں دکھایا۔

(31)

جانب برطانوی میری ٹائم سیکیورٹی ادارے کے مطابق آبنائے ہرمز میں ایک مال بردار جہاز کو نامعلوم چیز سے نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد جہاز میں آگ لگ گئی۔واقعے میں 2 افراد زخمی ہوئے جبکہ عملے کو با حفاظت نکال لیا گیا۔حکام کی جانب سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

(32)

بینک کی تمام شاخوں پر ایران سے یا ایران کو کسی بھی قسم کی مالی لین دین، تجارت کے لیے مالی معاونت اور رقوم کی منتقلی پر پابندی عائد کردی گئی۔یہ فیصلہ بینک کی سرگرمیوں کے حوالے سے کیے گئے معائنے کے نتائج اور گورنر کو حاصل قانونی اختیارات کے تحت کیا گیا۔خلاف ورزیوں میں منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی مالی معاونت اور جوہری و دیگر حساس سرگرمیوں کے پھیلا کی مالی معاونت سے متعلق قوانین اور تقاضوں کی عدم تعمیل بھی شامل ہے۔اماراتی مرکزی بینک نے واضح کیا کہ پابندی کے بعد متحدہ عرب امارات میں موجود بینک ملی ایران کی تمام شاخیں ایران سے متعلق مالی لین دین، بشمول ٹریڈ فنانس اور فنڈ ٹرانسفرز، انجام نہیں دے سکیں گی۔یہ اقدام ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ اور خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران سامنے آیا ہے۔

(33)

جمعرات کو برینٹ خام تیل کی قیمت 92 سینٹ یعنی 0.9 فیصد کمی کے بعد 102.16 ڈالر فی بیرل، جبکہ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت 77 سینٹ یعنی 0.8 فیصد کمی کے ساتھ 91.39 ڈالر فی بیرل ریکارڈ کی گئی۔یاد رہے کہ گزشتہ روز پیٹرولیم ڈویژن نے بھی پیٹرول اور ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں بالترتیب ایک روپے 93 پیسے اور 4 روپے 21 پیسے کی کمی کی جس کے بعد ملک میں پیٹرول کی قیمت 390 روپے 12 پیسے جبکہ ڈیزل کی نئی قیمت 414 روپے 75 پیسے ہوگئی۔مارکیٹ پر نظر رکھنے والے ماہرین کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی پیش رفت کی امید اور خلیجی خطے سے تیل کی سپلائی میں بحالی کے امکانات پیدا ہوئے، جس سے قیمتوں پر بھی مثبت اثر پڑ رہا ہے۔

(34)

یاد رہے کہ گزشتہ روز ہنڈرڈ انڈیکس 830 پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 72 ہزار 200 پوائنٹس کی نفسیاتی حد پر بند ہوا تھا۔

(35)

بھی قسم کے اجتماع کی اجازت نہیں ہے۔انتظامیہ کے مطابق پیس فل اسمبلی اور پبلک آرڈر ایکٹ 2024 کے تحت بھی شہر میں اجتماعات پر پابندی عائد ہے۔ضلعی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔بیان میں کہا گیا کہ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 3 سال قید کی سزا ہے۔شہریوں سے گزارش ہے کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کا حصہ مت بنیں۔

(36)

نقصان پہنچ رہا ہے، طاقت اور زور زبردستی سے سیاسی تلخیاں مزید بڑھیں گی، نومبر 2024 کا لانگ مارچ بھی روک لیا گیا تھا لیکن کیا اس سے ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام آیا؟ الٹا اس سے پاکستان مزید کمزور ہوا اور کشمیر سے لے کر بلوچستان اور خیبر پختونخوا تک پورے ملک میں بے چینی کی آگ بھڑک اٹھی۔فواد چوہدری نے حکومت کو عقل کے ناخن لینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر واقعی سنجیدہ مذاکرات چاہتے ہیں تو کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی، یاسمین راشد، اعجاز چوہدری، محمود الرشید اور عمر سرفراز چیمہ جیسے سینئر رہنماں کو فوری ریلیف دیا جائے تا کہ بات چیت کی حقیقی فضا بن سکے۔مشرق وسطیٰ کے بحران اور معاشی مواقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس وقت خلیجی خطہ اور مشرق وسطیٰ بدترین جنگی بحران کی زد میں ہیں اور وہاں سے سرمایہ تیزی سے منتقل ہو رہا ہے، یہ پاکستان کے لیے بہترین موقع تھا کہ مقامی اور عالمی سرمایہ کار پاکستان کا رخ کرتے لیکن ہمارے حکمرانوں نے ملک کے اندر سیاسی درجہ حرارت اتنا بڑھا رکھا ہے جیسے یہاں خانہ جنگی کا سماں ہو، ترکیہ، ملائیشیا اور سنگاپور مشرق وسطیٰ کے اس بحران سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔سابق وفاقی وزیر نے مقتدر حلقوں اور حکمرانوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ہر مسئلے کو بندوق کی نوک پر حل کرنے کی ذہنیت نے ملک میں شورش پیدا کر رکھی ہے، مزید تباہی کے بعد بھی بلاخر مذاکرات کی میز پر ہی آنا پڑے گا، اس لیے وقت ضائع کیے بغیر اب بھی ہوش کے ناخن لیے جائیں، عمران خان سے بات کیے بغیر پاکستان میں سیاسی ٹھہرا کسی صورت ممکن نہیں ہے۔

(37)

، وزارت داخلہ احتجاج کو کنٹرول کرنے اور امن و امان قائم رکھنے کے لیے مکمل طور پر پولیس، رینجرز اور فرنٹیئر کانسٹیبلری پر ہی انحصار کرے گی۔انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کی سیکورٹی کو مزید سخت بنانے کے لیے سندھ اور پنجاب پولیس سے بھی اضافی نفری کی فراہمی کے لیے باقاعدہ درخواست کردی گئی ہے، اگر مظاہرین کی جانب سے قانون ہاتھ میں لینے کی کوشش کی گئی تو ضرورت پڑنے پر فورس کا استعمال بھی کیا جائے گا۔شہروں اور تعلیمی اداروں کی بندش کے حوالے سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں طلال چوہدری نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں، تجارتی مراکز یا شاپنگ سینٹرز کو بند کرنے کا فی الحال حکومت کا کوئی ارادہ یا منصوبہ نہیں ہے، معمولات زندگی اور کاروباری سرگرمیاں حسب دستور جاری رہیں گی اور شہریوں کی نقل وحرکت میں رکاوٹ پیدا نہیں ہونے دی جائے گی۔

(38)

کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینا تھا۔دورے کے دوران مختلف سرکاری اداروں، تعلیمی وصحت کے مراکز، دکانوں، میڈیکل اسٹورز اور دیگر تجارتی مقامات کا معائنہ کیا گیا۔اس موقع پر افسران نے صفائی ستھرائی، عوامی سہولیات، اشیائے ضروریہ کے معیار، ادویات کی دستیابی و معیار اور متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔معائنے کے دوران بعض دکانوں اور میڈیکل اسٹورز سے زائد المیعاد اشیاء اور ادویات برآمد ہوئیں، جنہیں ضابطے کے مطابق تلف کردیا گیا

(39)

سندھ اسمبلی اس حوالے سے قرارداد منظور کرچکی ہے۔انہوں نے ایم کیو ایم پر لسانیت پھیلانے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دوبارہ لسانیت کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہورہی ہے جس کی مذمت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج جرات اور بہادری کے ساتھ لڑرہی ہیں، جس پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں۔انہوں نے صدر آصف علی زرداری کے دورہ چین کا ذکر کرتے ہوئے پاک چین دوستی کو سراہا اور کہا کہ یہ دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر کی گہرائی سے زیادہ گہری ہے۔سندھ اور چین کا صوبہ حنان سسٹر صوبوں کے طور پر جانے جاتے ہیں۔شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت چین میں سرمایہ کاری کانفرنس منعقد کررہی ہے جس میں وزیراعلیٰ سندھ بھی شرکت کریں گے۔چائنا الیکٹرک نے تھرکول منصوبے میں بھی سرمایہ کاری کی اور آئندہ سرمایہ کاری کانفرنس میں اربوں روپے کے معاہدے ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ عالمی سرمایہ کاروں کو سندھ لایا جائے۔پیپلز پارٹی اپنے قیام سے ہی سازشوں اور پروپیگنڈے کا شکار رہی ہے۔پاکستان میں 3 بڑی سیاسی جماعتیں ہیں۔پیپلز پارٹی کے ادوار میں بڑے منصوبے سامنے آئے۔شرجیل میمن نے کہا کہ آئین پاکستان پیپلز پارٹی نے بنایا جبکہ ایٹمی طاقت اور میزائل ٹیکنالوجی بھی پیپلز پارٹی کے دور میں ممکن ہوئی۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے 18 سال کا حساب دینے کے لیے تیار ہیں۔سینئر وزیر نے کہا کہ صرف تھرکول پر ایک ارب ڈالر خرچ کیے گئے۔تھرکول کا کوئلہ وفاق کو جاتا ہے اور کوئلہ سندھ میں نکل رہا ہے تو اس پر خوش ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ تھرپارکر کے کوئلے سے 2 سال تک بجلی ایکسپورٹ کی جاسکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان کے لوگ علاج کے لیے کراچی آتے ہیں، سندھ کے اسپتالوں میں شناختی کارڈ نہیں پوچھا جاتا۔

(40)

فوجی اڈے سے بتدریج نکالے گا اور اس کی کنٹرول عراقی وفاقی حکومت کو سونپ دے گا۔یہ عمل ایک باہمی طور پر طے شدہ میکانزم کے تحت مکمل کیا جائے گا۔یہ قدم دونوں ممالک کے درمیان سیکورٹی تعاون کو بہتر بنانے اور خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔اس معاہدے کا مقصد عراق میں ریاستی اقتدار کو مکمل طور پر بحال کرنا ہے۔باشیقہ کیمپ کی حوالگی کے ساتھ ساتھ، دونوں ممالک نے سیکورٹی کے دیگر امور، بشمول سنجار میں سیکورٹی کی صورتحال اور سرحدی تحفظ پر بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔یہ فیصلہ ترکیہ اور عراق کے درمیان تعلقات میں بہتری اور سیکورٹی کے معاملات کو سفارتی اور دوطرفہ سمجھ بوجھ کے ذریعے حل کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت سمجھا جارہا ہے۔

(41)

برآمد کرلی ہے۔پولیس کے مطابق گرفتار کیے جانے والے ملزمان کی شناخت عبدالقیوم ولد عبدالغنی (ساکن سوراب) اور نیاز ولد صابر (ساکن بیلار، کولانچ) کے ناموں سے ہوئی ہے۔پولیس نے ملزمان کو حراست میں لے کر ان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے، اور واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش سمیت تمام قانونی کارروائی کا آغاز کردیا گیا ہے۔

(42)

امن و امان، سرمایہ کاری اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ہماری بہادر سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیوں کی بدولت صوبے میں امن کے لیے کوششیں جاری ہیں۔حکومت کی جانب سے عوامی خدمات کی بہتری، ترقیاتی اقدامات اور امن کے قیام پر بیک وقت توجہ دی جارہی ہے۔

(43)

بنایا تھا، جبکہ حملہ آور سی ٹی ڈی کمپاؤنڈ سے اپنے ساتھیوں کو چھڑانا چاہتے تھے۔حکام کے مطابق دہشت گردوں نے حملے سے قبل کوہاٹ میں کچھ دن قیام کیا تھا۔تحقیقات کے دوران ہلاک خودکش حملہ آور کی گاڑی کا ڈیٹا اور دیگر تفصیلات بھی حاصل کرلی گئی ہیں۔تفتیشی حکام کے مطابق پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے دہشت گردوں کا منصوبہ ناکام بنایا۔حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گردوں نے گزشتہ سال بھی کوہاٹ پولیس لائنز پر حملہ کا منصوبہ بنایا تھا، تاہم حملے سے قبل دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا گیا تھا۔

(44)

۔ہم اس وقت تک اس کے ساتھ وابستہ رہے جب تک یہ انتشار کی طرف نہیں گئے تھے لیکن اب یہ تحریک انتشار کی طرف چل پڑی ہے اس لیے ہم اس سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہیں۔سابق رکن نے کہا کہ عوام سے گزارش کرتا ہوں کہ اس فسادی جتھے سے خود کو دور رکھیں، اس فسادی جتھے کی وجہ سے تاجروں سمیت ہر مکتبہ فکر کے لوگوں کو بہت نقصان ہوا ہے۔آزاد کشمیر کے باشعور عوام اچھی طرح جان چکے ہیں کہ یہ فسادی جتھہ انکے حقوق کی بجائے اپنے مذموم مفادات کی تکمیل چاہتا ہے۔

(45)

وردی میں تھا، ڈاکو ڈیڑھ گھنٹے تک گھر میں رہے مقدمے کے مطابق ملزمان نے سیکیورٹی گارڈ، باورچی اور ٹرانسلیٹر کو بھی یرغمال بنایا، گھر کی تلاشی کے دوران 80 لاکھ روپے لوٹے پولیس کے مطابق ڈکیتی کی واردات کے مختلف شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔

(46)

کے مطابق موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر پیپلز شٹل ٹرین سروس کے افتتاح کی مقررہ تاریخ پر عمل درآمد ممکن نہ ہوسکا، جس کے باعث افتتاحی تقریب ملتوی کردی گئی ہے۔ٹرین سروس کے آغاز کے لیے نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ریلوے اور صوبائی حکومت کی جانب سے شٹل ٹرین سروس کے ذریعے شہریوں کو سفری سہولت فراہم کرنے کا منصوبہ تیار کیا گیا تھا، تاہم سیکیورٹی صورتحال کے باعث اس کے باقاعدہ آغاز میں ایک مرتبہ پھر تاخیر ہوگئی ہے۔

(47)

پولیس اہلکاروں سمیت رکشہ ڈرائیور شدید زخمی ہوگئے۔ذرائع کے مطابق حادثے میں ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہے۔ایمبولینس کی عدم دستیابی کے باعث عوام نے زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کیا، جبکہ حادثے میں متاثرہ دونوں گاڑیوں کو سڑک سے ہٹا دیا گیا۔

(48)

اور متحدہ عرب امارات کے درمیان افرادی قوت، روزگار کے نئے مواقع، پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعلقات مثالی ہیں، جو وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان افرادی قوت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ پیشہ ورانہ تربیت اور باہمی تعاون کے شعبوں میں بھی مسلسل کام جاری ہے۔اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے ملاقات کو خوشگوار اور مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک باہمی تعاون کے فروغ کیلئے سنجیدہ کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ آنے والے عرصے میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات میں مزید مثبت پیش رفت ہوگی۔ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر نے متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے اور ویزا سینٹر کا دورہ بھی کیا، جہاں انہیں ویزا درخواستوں کی کارروائی اور درخواست گزاروں کو فراہم کی جانے والی مختلف سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

(49)

پر تفصیلی بریفنگ دی۔کمشنر ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام کام منظور شدہ معیار اور مقررہ اسپیسیفکیشنز کے مطابق مکمل کیے جائیں، جبکہ ای کامرس وآئی ٹی لیب کے منصوبے کو مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔انہوں نے جدید آئی ٹی سہولیات کی فراہمی اور معیاری آلات کی تنصیب یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنائیں۔کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے متعلقہ حکام کو کام کے معیار اور رفتار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت بھی کی۔

(50)

پشاور کے تھانہ شرقی کی پولیس نے پیشرفت رپورٹ عدالت میں جمع کرائی، جس کے مطابق خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی موقع پر موجودگی کی تصدیق کی گئی ہے۔وکیل ریڈیو پاکستان کے مطابق تفتیشی افسر نے چالان کرنے کیلئے وقت مانگا ہے،عدالت نے تفتیشی افسر کو چالان جمع کرنے کا حکم دے دیا ہے، پولیس رپورٹ میں سہیل آفریدی، تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم، کامران بنگش اور دیگر نامزد ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پشاور پولیس نے نادرا اور لاہور فرانزک لیب سے ویڈیوز اور تصاویر کی تصدیق کرائی، جس کی رپورٹ پولیس کو باقاعدہ موصول ہو چکی ہے۔پولیس رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، تیمور سلیم جھگڑا، عرفان سلیم اور کامران بنگش کی موجودگی کی نادرا اور لاہور فرانزک لیب سے تصدیق ہوگئی، جس کی بنیاد پر پولیس نے پیش رفت رپورٹ میں انہیں نامزد کیا ہے۔

(51)

اور ریسٹورنٹس رات 11 بجے بند ہوں گے، فارمیسیز، اسپتال، پیٹرول پمپس اور ڈیری شاپس پابندیوں سے مستثنیٰ ہوں گے۔کفایت شعاری اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

(52)

سے زیادہ قرض لینے والے ملکوں میں شامل ہوگیا۔مالی سال 2026 میں آئی ایم ایف کی تربیت حاصل کرنے والے ممالک کی فہرست میں پاکستان کو نویں نمبر پر رکھا گیا ہے۔رپورٹ میں آئی ایم ایف کی جانب سے سیلاب زدگان کی مدد کا بھی اعلان کیا گیا۔آئی ایم ایف نے پاکستان سمیت 5 ممالک کو قرضے دیے۔مڈل ایسٹ اینڈ سینٹرل ایشیا میں پاکستان کو سب سے بڑا قرضہ دیا گیا، تقریبا 1.8 ارب ایس ڈی آر میں سیاپاکستان کو ایک ارب ایس ڈی آر ملے، پاکستان کیلئے منظور رقم تقریبا 1.37 ارب ڈالر کے مساوی ہے۔

(53)

میں لیوی کیخلاف سپر مارچ بارے اہم اعلان کریں گے، منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ کا کہنا تھا لیوی کے خاتمہ کی ملک گیر احتجاجی تحریک جاری ہے، اسلام آباد لانگ مارچ چندروز کے لیے حکمت عملی کے تحت مؤخر کیا، وزیراعظم وطن واپسی پر بلا تاخیر پیٹرولیم لیوی پر بات چیت کا آغاز کریں، نال مٹول سے کام لیا گیا تو مارچ کا آغاز کردیں گے۔حکومت نے جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی کارکنوں کے ٹکراؤ کا جال بچھایا تھا، اسے ناکام کردیا۔قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاالدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی موجود تھے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ اسلام آباد سومنات ہے نہ کسی کی جاگیر۔جہاں پالیسی ساز ادارے، سپریم کورٹ، پارلیمنٹ موجود ہے وہاں ہر سیاسی پارٹی کو احتجاج کا حق حاصل ہے، احتجاج کو پرامن رکھنا سیاسی پارٹی کی ذمہ داری ہے۔پی ٹی آئی کے احتجاج کی حمایت اور کارکنوں اور بالخصوص خواتین کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں۔

(54)

کے لیے قانون سازی، نفاذ، تربیت اور استعداد کار میں اضافے کی ضرورت ہے۔ورلڈ میری ٹائم ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 2026 کا موضوع ''پالیسی سے عمل درآمد تک، بحری شعبے میں بہترین کارکردگی کا فروغ'' بحری پالیسیوں اور بین الاقوامی معیارات کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ بحری معیارات پر عمل درآمد کے لیے متعلقہ حکومتی اداروں، ریگولیٹرز، بندرگاہوں، شپنگ کمپنیوں اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے درمیان مؤثر رابطہ اور تعاون ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ بحری شعبے میں تربیت اور تکنیکی تعاون خصوصی اہمیت رکھتے ہیں تا کہ بحری جہازوں پر خدمات انجام دینے والے افراد اور دیگر بحری شعبے کے ماہرین کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنایا جاسکے اور آپریشنل معیارات برقرار رکھے جاسکیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ بحری تعلیم کے فروغ کے لیے میری ٹائم ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ قائم کیا گیا ہے جس کے لیے ایک ارب 20 کروڑ روپے کی ابتدائی رقم مختص کی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان میرین اکیڈمی کو ڈگری جاری کرنے والے ادارے کی حیثیت سے اپ گریڈ کیا جارہا ہے تا کہ بحری شعبے میں تربیت اور پیشہ ورانہ مہارت کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کو جدید بنانے کے لیے 12 ارب روپے کے منصوبے پر کام شروع ہو چکا ہے جس کے تحت بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جارہا ہے تا کہ یارڈ کو بین الاقوامی حفاظتی اور ماحولیاتی معیارات سے ہم آہنگ کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ بحری آپریشنز میں ماحولیاتی تحفظ کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا بالخصوص سمندری آلودگی پر قابو پانے اور ماحول دوست شپنگ کی جانب منتقلی کے لیے اقدامات ضروری ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ساحلی علاقوں میں مینگروز کی بحالی کے اقدامات کیے جارہے ہیں جبکہ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی جانب سے سمندری آلودگی کے خاتمے کے لیے ہفتہ وار صفائی مہم بھی شروع کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ورلڈ میری ٹائم ڈے کا 2026 کا موضوع پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے بھی اہم ہے جس میں بنیادی ڈھانچے اور جدت کے ذریعے ہدف 9، موسمیاتی اقدامات کے ذریعے ہدف 13، سمندروں کے تحفظ کے ذریعے ہدف 14 اور عالمی شراکت داری کے ذریعے ہدف 17 کے حصول میں مدد مل سکتی ہے۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یہ موضوع پاکستان کے لیے بندرگاہی آپریشنز، شپنگ، بحری تحفظ، بحری عملے کی تربیت اور سمندری ماحول کے تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔وفاقی وزیر نے اپنے طویل المدتی وژن کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا مجوزہ ''میری ٹائم سنچری 2047 تا 2147'' گہرے سمندر کی نئی بندرگاہوں کے قیام، جہاز سازی اور جہازوں کی ری سائیکلنگ کے لیے مصنوعی ذہانت سے لیس بحری صنعتی مراکز کے قیام، پاکستان میں جہازوں کی تیاری، ماحول دوست اور ڈیجیٹل بندرگاہوں کی ترقی اور علاقائی بحری تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کرے گا۔

(55)

وزیراعظم نے یورپی یونین کے ساتھ وسیع البنیاد شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے اور پاکستان یورپی یونین اسٹریٹجک انگیجمنٹ پلان پر مکمل عملدرآمد کے عزم کا اظہار کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لیے جی ایس پی پلس (GSP +) فریم ورک کے تحت مسلسل روابط جاری رکھنے کا عزم کیا۔رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا اور مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور تنازعات کے پرامن حل کی اہمیت کا اعادہ کیا۔وزیراعظم نے یورپی کونسل اور یورپی کمیشن کے صدور کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔علاوہ ازیں وزیراعظم شہباز شریف نے کہاہے کہ پاکستان کی مکمل توجہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی پر مرکوز ہے۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مجھ سمیت صدر ٹرمپ اور ایرانی صدر نے دستخط کیے تھے تاہم بدقسمتی سے اس کے بعد ہونے والے واقعات غیرمتوقع تھے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مکمل توجہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے ثالثی پر مرکوز ہے، ہم نے امید نہیں چھوڑی، کشیدگی میں کمی اور پیش رفت کے لیے ہم مکمل پرعزم ہیں۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان مخلص اور دیانت دار ثالث کا کردار ادا کررہا ہے، یہ مسلسل عمل ہے، تمام دوست ممالک امن کے حصول کی کوششوں میں کردار ادا کررہے ہیں۔

(56)

کے اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی، جہاں انہوں نے پاکستان میں جاری جامع ریگولیٹری اصلاحات، سرمایہ کاروں کے لیے سہولت کاری کے اقدامات اور پائیدار، ٹیکنالوجی پر مبنی اور برآمدی سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے مواقع کو اجاگر کیا۔وفاقی وزیر نے گلوبل ریگولیٹری انوویشن پلیٹ فارم کے افتتاحی پینل ''ریگولیٹنگ تھرو اَن سرٹینٹی: ٹرننگ انوویشن انٹو امپلی مینٹیشن'' سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایسا ریگولیٹری ماحول تشکیل دے رہا ہے جو عوامی مفاد کا تحفظ، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال اور مستحکم رکھے اور جدت کو تصورات سے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے۔قیصر احمد شیخ نے کہا کہ حکومت کا مقصد کم سے کم، سادہ، واضح اور قابل پیش گوئی ریگولیشنز متعارف کرانا ہے، جبکہ ضروری حفاظتی تقاضوں کو برقرار رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ بنیادی مقصد بہتر ریگولیشن ہے، جو سرمایہ کاروں کے لیے منصوبہ بندی کو آسان بنائے، بدلتے ہوئے حالات کے مطابق خود کو ڈھال سکے اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھے۔وفاقی وزیر نے ریگولیٹری جدیدکاری میں بورڈ آف انویسٹمنٹ کے مرکزی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے بتایا کہ تقریبا 30 شعبوں میں 90 کے قریب وفاقی و صوبائی محکموں کے تعاون سے 500 سے زائد ریگولیٹری اصلاحات نافذ کی جاچکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ریگولیٹری ماڈرنائزیشن انیشی ایٹو (PRMI) کاروباری معاملات سے متعلق قوانین وضوابط کا جائزہ لینے، انہیں آسان بنانے اور ڈیجیٹلائز کرنے کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کررہا ہے۔

(57)

کو تبدیل نہیں کرسکتے، یہ رولز سیلڈ قوانین ہیں۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان پولیس سروس رولز کو اوور رائٹ نہیں کیا جاسکتا، ایسی پولیس جو دہشتگردی سے لڑ رہی ہے جو نہتی ہونے کے باوجود اپنی خدمات دے رہی ہے، آپ کے پی پولیس کے کمانڈ سٹرکچر کو تباہ نہیں کرسکتے، ایسی قانون سازی جو آئین وقانون سے متصادم ہو، آپ نے پولیس کا کمانڈ سٹرکچر ہی تباہ کردیا ہے۔طلال چوہدری نے کہا کہ آپ نے ڈی ایس پی سے اعلیٰ پولیس افسران کو لگانے کا اختیار اپنی جیب میں رکھنے کی کوشش کی، اس طرح پولیس یہ نہیں دیکھے گی کہ سیاسی جماعت کیا چاہتی ہے؟ کیا اس طرح پولیس کا ڈسپلن متاثر نہیں ہوگا؟ پولیس افسران کی پوسٹنگ کیلئے مشاورت کے اختیار پہلے ہی چاروں صوبوں وزرائے اعلیٰ کے پاس ہیں۔

فسادی جتھے کے سابق شر پسند کا کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی سے لاتعلقی کا اعلان

ہم اس وقت تک اس کے ساتھ وابستہ رہے جب تک یہ انتشار کی طرف نہیں گئے تھے، سابق رکن

مظفر آباد (اے این این) آزاد کشمیر کے امن کے درپے فسادی جتھے کی حقیقت بے نقاب ہونے کے بعد ان کے کارندوں کا اعلان لاتعلقی کا سلسلہ جاری ہے۔ فسادی جتھے کے سابق رکن عثمان بشیر کا کہنا تھا کہ کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی (فسادی جتھہ) کے ساتھ ہمارا کوئی تعلق نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

کوہاٹ پولیس لائنز حملہ، دہشت گرد نیٹ ورک کا سراغ مل گیا

دو دہشت گرد تنظیموں نے مل کر کوہاٹ پولیس لائنز پر حملے کا منصوبہ بنایا تھا، تفتیشی حکام

پشاور (اے این این) کوہاٹ پولیس لائنز حملے کے حوالے سے دہشت گرد نیٹ ورک کا سراغ مل گیا۔ کوہاٹ پولیس لائنز حملے کی تحقیقات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، تفتیشی حکام کے مطابق سی ٹی ڈی کی جوائنٹ ٹیم نے حملے میں ملوث دہشت گرد نیٹ ورک کا سراغ لگا لیا ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق 2 دہشت گرد تنظیموں نے مل کر کوہاٹ پولیس لائنز پر حملے کا منصوبہ (باقی صفحہ 3 نمبر 43)



لاہور، آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز الائنس کے نمائندے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو ملزمان گرفتار، 125 ہونڈا برآمد

گرفتار ملزمان کا تعلق سوراب اور کولانچ سے ہے، مزید تفتیش اور قانونی کارروائی جاری، پولیس

گوادر (یو این اے) گوادر پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چوری شدہ ہونڈا 125 موٹر سائیکل (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

ترکیہ کا اپنا فوجی اڈہ عراق کے حوالے کرنے کا فیصلہ

دونوں ممالک کا سیکورٹی کے دیگر امور اور سرحدی تحفظ پر بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق

استنبول (اے این این) ترکیہ اور عراق کے درمیان طے پانے والے حالیہ معاہدے کے مطابق، ترکیہ نے شمالی عراق کے علاقے موصل کے قریب واقع اپنے باشیقہ۔ زلیکان فوجی کیمپ کو عراقی حکومت کے حوالے کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق ترکیہ اپنی افواج کو اس (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سرویز سے کیا فرق پڑتا ہے؟ شرجیل میمن

سندھ میں 18 سال کا حساب دینے کے لیے تیار ہیں، پاکستان کو دوبارہ لسانیت کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (جی این ایم) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ہمیں صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سرویز سے کیا فرق پڑتا ہے؟ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

حکومت کا تحریک انصاف کے احتجاج کیلئے فوج تعینات نہ کرنے کا فیصلہ

پولیس، رینجرز اور ایف سی کے ذریعے ہی اس احتجاج سے نمٹا جائے گا، وزیر مملکت کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے پاکستان تحریکِ انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج اور ممکنہ لانگ مارچ سے نمٹنے کے لیے فوج کو طلب نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے بتایا کہ حکومت نے اس بار سیکورٹی امور کی انجام دہی کے لیے پاکستان آرمی کی خدمات نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

ہر مسئلہ بندوق سے حل کرنے کی ذہنیت نے ملک میں شورش کا ماحول بنایا ہوا ہے، فواد چوہدری

عمران خان سے بات کیے بغیر پاکستان میں سیاسی ماحول میں ٹھہراؤ ناممکن ہے، کتنا وقت اور ضائع کرنا ہے؟

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اور سیاستدان فواد چوہدری نے ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتِ حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان بات چیت کو دھوکہ قرار دیا اور کہا ہے کہ عمران خان سے براہِ راست مذاکرات کیے بغیر ملک میں سیاسی استحکام کا قیام ناگزیر اور ناممکن ہے۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں ان کا کہنا تھا کہ حکومت اور تحریکِ انصاف کے موجودہ مذاکراتی ڈرامے سے صرف پاکستان کو شدید (باقی صفحہ 3 نمبر 36)



کوئٹہ، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی 1991ء پالیسی کے تحت آسامیوں کی تقسیم سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

متحدہ عرب امارات نے ایرانی بینک پر پابندی لگا دی

یو اے ای نے بینک ملی ایران کی تمام شاخوں کو ایران سے مالی لین دین، ٹریڈ فنانس اور رقوم کی منتقلی سے روک دیا

ابوظہبی (اے این این) متحدہ عرب امارات کے مرکزی بینک نے ایرانی بینک ملی ایران کی ملک میں قائم تمام شاخوں کو ایران سے مالی لین دین کرنے سے روک دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق اماراتی مرکزی بینک نے یہ اقدام متحدہ عرب امارات میں نافذ قوانین، ضوابط اور نگران ادارے کے فیصلوں کی خلاف ورزیوں کے بعد کی گئی ہے۔ اماراتی مرکزی بینک نے کہا کہ ملی (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

جنگی طیارے کی آواز سے ٹرمپ پریشان، چینی صدر بے پرواہ کھڑے رہے، ویڈیو وائرل

ٹرمپ اونچی آواز میں ملٹری فلائی اوور کے دوران آنکھیں بند کر کے جھکتے ہوئے دکھائی دیئے

واشنگٹن (اے این این) ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں چینی صدر کے استقبال کے دوران ٹرمپ کا مزاحیہ رویہ دکھایا گیا ہے۔ ویڈیو میں ٹرمپ امریکی جنگی طیاروں سے پریشان ہو کر آنکھیں بند کرتے ہیں جبکہ چینی صدر کو کوئی فرق نہیں پڑ رہا۔ یہ واقعہ چینی صدر شی جن پنگ کے حالیہ امریکی دورے کے دوران پیش آیا۔ ٹرمپ اونچی آواز میں ملٹری فلائی (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری

رینجرز اہلکار امن و امان اور سیکیورٹی معاونت کے لیے تمام ضروری ذمہ داریاں سرانجام دیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریکِ انصاف کے احتجاج اور لانگ مارچ کو روکنے کے لیے وفاقی حکومت نے بڑا قدم اٹھاتے ہوئے اسلام آباد اور ... منظوری دے دی، وفاقی پولیس کو پہلی بار جدید نیٹ لانچر استعمال کرنے کی اجازت بھی دے دی گئی۔ وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن ... (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ٹرمپ نے لیس! ایران کبھی کسی کے سامنے گھٹنے نہیں ٹیکے گا، مسعود پزشکیان

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 28)



کوئٹہ، حلقہ 44 کے آزاد امیدوار محمد علی ماہر پریس کلب کے سامنے احتجاج پر بیٹھے ہیں

اسلام آباد میں غیر ملکی شہری سے 80 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد کے سیکٹر جی تھین میں غیر ملکی شہری لٹ گیا، واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 5 ڈاکو غیر ملکی کو یرغمال بنا کر اس سے 80 لاکھ روپے اور قیمتی اشیا لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق 5 میں سے 1 ڈاکو پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

صوبہ ترقی، خوشحالی اور استحکام کی درست سمت میں گامزن ہے، بلال کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی درست سمت میں گامزن کرنے کے لیے شب و روز محنت کر رہے ہیں، ان کی قیادت میں صوبے میں گڈ گورننس، میرٹ، شفافیت اور عوامی خدمات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)



نیویارک، پاکستانی کاروباری شخصیات اور وفود نے نیویارک میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

ریڈیو پاکستان حملہ کیس، پولیس نے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو نامزد کر دیا

عدالت نے تفتیشی افسر کو چالان جمع کرنے کا حکم دے دیا ہے، وکیل ریڈیو پاکستان

پشاور (اے این این) پشاور پولیس نے ریڈیو پاکستان میں توڑ پھوڑ اور حملے کے دوران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی موجودگی کی رپورٹ عدالت میں تصدیق کر دی ہے۔ پشاور کی مقامی انسدادِ دہشتگردی عدالت میں ریڈیو پاکستان حملہ کیس کی سماعت کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

پاکستان اور امارات میں افرادی قوت، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر اتفاق

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز و ترقی انسانی وسائل چوہدری سالک حسین نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصل خانے کا دورہ کیا، جہاں اماراتی قونصل جنرل بخیت عتیق الرومیثی نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے بلوچستان یونیورسٹی میں قائم کی جانے والی جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو منصوبے کی مجموعی پیش رفت، جدید آئی ٹی آلات کی فراہمی و تنصیب، لیب کی اپ گریڈیشن، مرمت اور تزئین و آرائش سمیت مختلف تکنیکی و انتظامی امور (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

کوئٹہ، سیکیورٹی خدشات کے باعث پیپلز شٹل ٹرین کا افتتاح دوسری مرتبہ ملتوی

ریلوے اور بلوچستان حکومت کا مشترکہ منصوبہ، افتتاحی تقریب کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) سیکیورٹی خدشات کے باعث ریلوے اور بلوچستان حکومت کے اشتراک سے تیار کردہ پیپلز شٹل ٹرین کا افتتاح دوسری مرتبہ ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کوئٹہ، پولیس کی تیز رفتار گاڑی رکشے پر الٹ گئی، اہلکاروں سمیت رکشہ ڈرائیور شدید زخمی

ایمبولینس نہ ملنے پر شہریوں نے اپنی مدد آپ کے تحت زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کیا، ایک کی حالت نازک

کوئٹہ (یو این اے) پولیس کی گاڑی مبینہ طور پر بے قابو ہو کر سڑک کے فٹ پاتھ سے ٹکرانے کے بعد سامنے سے آنے والے رکشہ زرنج سے جا ٹکرائی، جس کے نتیجے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



چیئرمین سینیٹ آف پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کا بیلاروس پہنچنے پر بیلاروس کے قومی سلامتی کی قائمہ کمیٹی کے چیئرپرسن استقبال کر رہے ہیں

بلوچستان، اسمارٹ لاک ڈاؤن نافذ، کاروباری مراکز کے نئے اوقات مقرر

سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 3 ماہ کیلئے 50 فیصد کمی کی جائے گی، سرکاری گاڑیوں کی خریداری اور غیر ملکی دوروں پر پابندی عائد ہو گی

سرکاری عشائیوں، سیمینارز اور کانفرنسز پر بھی پابندی ہو گی جبکہ تنخواہوں اور پنشن کیعلاوہ سرکاری اخراجات میں 5 فیصد کمی کی جائے گی، نوٹیفکیشن

کوئٹہ (اے این این) حکومتِ بلوچستان نے کفایت شعاری اور ایندھن بچت اقدامات کا اعلان کر دیا۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 3 ماہ کیلئے 50 فیصد کمی کی جائے گی، سرکاری گاڑیوں کی خریداری اور غیر ملکی دوروں پر پابندی عائد ہو گی۔ سرکاری عشائیوں، سیمینارز اور کانفرنسز پر بھی پابندی ہو گی جبکہ تنخواہوں اور پنشن کیعلاوہ سرکاری اخراجات میں 5 فیصد کمی کی جائے گی۔ شادی کی تقریبات میں بھی ون ڈش پالیسی پر عملدرآمد کا حکم دیا گیا ہے۔ بازار، مارکیٹیں اور شاپنگ مالز رات 9 بجے بند ہوں گے، میرج ہالز رات 10 بجے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

ضلعی انتظامیہ کچھی کا پسند و ناپسند کا رویہ صحافی سائلین اور عوام گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور

عوامی مسائل کو سامنے لانے والے نمائندوں اور صحافیوں کو نظر انداز کر کے مخصوص طبقے کا موقف سنا یا گیا

بولان (اے این این) ضلعی انتظامیہ کچھی کی جانب سے علاقائی عوام سائلین اور حقیقی صحافیوں کے ساتھ غیر مناسب و امتیازی سلوک پر سیاسی سماجی صحافی اور عوامی حلقوں کا اظہار برہمی۔ ضلعی انتظامیہ نے دفاتر میں ملاقاتوں کے لیے پسند و ناپسند کا معیار قائم کر رکھا ہے جہاں مخصوص طبقے کے افراد کو فوری رسائی دی جا رہی ہے جبکہ دور دراز سے آئے ہوئے عام سائلین اور حقائق کو اجاگر (باقی صفحہ 3 نمبر 7)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا پاکستان جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ساتھ گروپ فوٹو

اسسٹنٹ کمشنر زرکوانہ مصطفیٰ شفیع کا نو تشکیل شدہ سب ڈویژن زرکوانہ کا تفصیلی دورہ

کوہلو (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر زرکوانہ مصطفیٰ شفیع نے اسسٹنٹ کمشنر ماوند سمیع الحق کے ہمراہ نو تشکیل شدہ سب ڈویژن زرکوانہ کا تفصیلی دورہ کیا، جس کا مقصد سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں، صحت کے مراکز، تجارتی مراکز اور عوام کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات و خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

اسلام آباد میں پبلک آرڈر ایکٹ نافذ، خلاف ورزی پر 3 سال قید کی سزا

اسلام آباد (اے این این) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پیس فل اسمبلی اور پبلک آرڈر ایکٹ کا نفاذ، خلاف ورزی کرنے پر تین سال قید کی سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد میں دفعہ 144 نافذ ہے، وفاقی دارالحکومت میں کسی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان، انڈیکس 186 پوائنٹس بڑھ گیا

کراچی (اے این این) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ٹریڈنگ کا آغاز مثبت زون سے ہوا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز کاروبار کے آغاز میں ہنڈرڈ انڈیکس 186 پوائنٹس بڑھ کر 1 لاکھ 72 ہزار 4 سو پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ایران کے مثبت بیانات سے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں گر گئیں

نیویارک (اے این این) ایران کی جانب سے امریکا کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لیے سفارت کاری جاری رکھنے کے عندیے کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی ہو گئی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک 10 روزہ اوسط سے کم

نیویارک (اے این این) آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک 10 روزہ اوسط سے کم رہی۔ شپنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ روز 10 مال بردار جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے۔ ڈیٹا کے مطابق 1 روز قبل 7 مال بردار جہاز آبنائے ہرمز سے گزر رہے تھے، جبکہ گزشتہ روز کی تعداد 10 روزہ اوسط تقریباً 17 جہازوں سے کم رہی۔ دوسری (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

وفاق پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کریگا تو صوبائی حکومت اقدامات تو کریگی، سہیل آفریدی

پولیس کا دھیان دہشت گردی سے ہٹا کر سیاسی جماعت کی طرف کرنے نہیں دینگے، پولیس ایکٹ میں مزید ترامیم لائی جاسکتی ہیں

پشاور (اے این این) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاق اگر پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کریگا تو صوبائی حکومت اقدامات تو کرے گی، دہشت گردی کی جنگ سے پولیس کا دھیان ہٹا کر کسی سیاسی جماعت کی طرف موڑنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پولیس کو انکار کرنا سیکھنا ہوگا۔ صوبے میں امن و امان کے حوالے سے اجلاس سے خطاب میں وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مقتدرہ نے 3 سال تک ہمیں بتی کے پیچھے لگائے رکھا، جنید اکبر

ہمیں اپنے کارکنان کی نظر میں ذلیل کیا مرنا تو ہمیں ہے، ہمارے پاس اب اس کے علاوہ کوئی آپشن نہیں

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریکِ انصاف کے سینئر رہنما اور رکنِ قومی اسمبلی جنید اکبر نے 27 ستمبر کے احتجاجی مارچ کے حوالے سے ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ اب پارٹی اور قیادت کے پاس پیچھے ہٹنے کا کوئی آپشن باقی نہیں بچا، آگے بڑھتے ہیں تو حکومت گولی مارے گی اور اگر پیچھے ہٹتے ہیں تو کارکنان ہمیں زندہ نہیں چھوڑیں گے، اس لیے ہم نے عزت سے مرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

اسرائیل میں عرب جماعتوں کو انتخابات سے روک دیا گیا، حتمی فیصلہ سپریم کورٹ کرے گی

صیہونیت مخالف نظریات رکھنے والے درجنوں مسلمان عیسائی اور یہودی امیدواروں پر بھی انتخابات میں حصہ لینے پر پابندیاں

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیل میں عام انتخابات 2026 کے لیے عرب جماعتوں پر پابندی لگا دی گئی۔ اسرائیلی ذرائع ابلاغ کے مطابق اسرائیل میں عام انتخابات کے سلسلے میں 4 عرب جماعتوں پر پابندی لگائی گئی ہے۔ اسرائیل میں تقریباً 10 لاکھ مسلمان عرب اسرائیلی شہریت رکھتے ہیں۔ پابندی اسرائیل کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے 27 اکتوبر 2026 کو ہونے والے کنیسٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے معاون شعبے ہیں، جعفر خان مندوخیل

میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ سیاست اور صحافت ایک دوسرے کے معاون شعبے ہیں جبکہ ایک مضبوط اور ذمہ دار میڈیا معاشرے میں شہریوں کو ان کے حقوق و فرائض کا احساس دلانے میں اہم کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ہم ہمیشہ پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا سے وابستہ میڈیا پرسنز کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور کئی دہائیوں سے صحا (باقی صفحہ 3 نمبر 16)



صحبت پور، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین خواتین کیلئے منعقدہ کھلی کچہری میں ان کے مسائل سن رہی ہیں

پاکستان کی معاشی ترقی میں بندرگاہوں اور میری ٹائم سیکٹر کی اہمیت مسلمہ ہے، گورنر سندھ

کراچی (جی این ایم) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عالمی یوم بحری امور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں بندرگاہوں اور میری ٹائم سیکٹر کی اہمیت مسلمہ ہے۔ کراچی پاکستان کی بحری تجارت اور میری ٹائم سرگرمیوں کا اہم مرکز ہے، (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

ہماری جوہری ہتھیاروں کی حیثیت ناقابلِ واپسی ہے، شمالی کوریا

پیانگ یانگ (اے این این) شمالی کوریا کی وزیرِ خارجہ چوئی سون ہوئی نے کہا ہے کہ شمالی کوریا کی جوہری ہتھیاروں کی حیثیت ناقابلِ واپسی ہے اور یہ ہمیشہ برقرار رہے گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ شمالی کوریا سے جوہری تخفیف کا مطالبہ ایک غیر حقیقی تصور ہے۔ چوئی سون ہوئی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کا بانی پی ٹی آئی کی رہائی سے کوئی تعلق نہیں، بڑا دعویٰ سامنے آ گیا

اسلام آباد (جی این ایم) انویسٹی گیشن سیل کے سربراہ نعیم اشرف بٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے لانگ مارچ کا بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی سے کوئی تعلق نہیں، مذاکرات الگ سطح (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

سی ڈی اے کا اسلام آباد کے شہریوں کے لیے الیکٹرک ڈبل ڈیکر بسیں متعارف کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) شہریوں اور ملکی و غیر ملکی سیاحوں کو اسلام آباد کی سیر کے لیے جدید اور ماحول دوست الیکٹرک بسز کی سہولت فراہم ہوگی۔ شہری اے انتظامیہ کے مطابق شہری اور سیاح ڈبل ڈیکر بس کے ذریعے اسلام آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر عدالت برہم، ایف آئی اے سے قانونی اختیار طلب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) شہریوں کو آف لوڈ کرنے پر عدالت نے اظہار برہمی کرتے ہوئے ایف آئی اے سے قانونی اختیار طلب کر لیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کو آف لوڈ کرنے کے معاملے میں ایف آئی اے کی جانب سے ازخود ایس او پیز بنانے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر شہریوں کو آف لوڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اہم اجلاس، ڈیجیٹلائزیشن اور ٹیکس انفورسمنٹ مزید موثر بنانے کا فیصلہ

چیئرپرسن عبداللہ خان کی زیر صدارت اجلاس، ٹیلی کمیونیکیشن، لیبر اور سیکیورٹی سروسز کے شعبوں میں ٹیکس وصولی کا جائزہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان کی زیر صدارت ٹیلی کمیونیکیشن، لیبر و مین پاور اور سیکیورٹی سروسز کے شعبوں کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر نے موجودہ مالی سال کے دوران ٹیکس وصولی، رجسٹریشن اور مقررہ اہداف کے حصول کے حوالے سے تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

علاقے کی ترقی اور عوامی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، شیخ زرک مندوخیل

عوام کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں بلا رنگ و نسل خدمت جاری رہے گا، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ علاقے کی ترقی اور عوام کے بنیادی مسائل کا حل ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، عوام کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، ہم عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک وفد سے بات چیت (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

ضلع کوئٹہ کی تقسیم کا نوٹیفکیشن جاری، کوئٹہ ایسٹ اور ویسٹ کے نام سے دو اضلاع قائم

نئی تقسیم کے بعد متعلقہ اضلاع اور سب ڈویژنز کے انتظامی معاملات نوٹیفکیشن کے تحت طے کیے جائیں گے

کوئٹہ (اے این این) حکومت بلوچستان نے ضلع کوئٹہ کو دو اضلاع میں تقسیم کرنے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا، جس کے بعد کوئٹہ ڈویژن اب تین اضلاع پر مشتمل ہو گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع کوئٹہ کو ضلع کوئٹہ ایسٹ اور ضلع کوئٹہ ویسٹ میں تقسیم کر دیا گیا ہے، جبکہ ضلع (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

حکومت فوری طور پر چمن بارڈر کھولنے کے اقدامات کرے، سردار برات درانی

چمن بارڈر کی بندش کے باعث سرحدی علاقوں میں رہنے والے ہزاروں افراد شدید معاشی مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (اے این این) سربراہ درانی قوم سردار برات خان درانی نے چمن بارڈر کی طویل بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور صدرِ پاکستان آصف علی زرداری سے مطالبہ کیا ہے کہ چمن بارڈر کو فوری طور پر تمام تجارتی اور آمد و رفت (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

ایف بی آئی پر بڑا سائبر حملہ، انٹیلی جنس اہلکاروں کا حساس ڈیٹا لیک

یہ ڈیٹا ان کے پاس موجود 2 سے 3 ٹیرابائٹ کے مجموعی ڈیٹا کا صرف ایک معمولی حصہ ہے، ہیکرز کا دعویٰ

واشنگٹن (اے این این) امریکی تحقیقاتی ادارے ایف بی آئی کے ملازمین کا حساس ڈیٹا مبینہ طور پر ہیکرز کے ہاتھ لگنے کا انکشاف ہوا ہے، جس میں بیورو کے متعدد اہلکاروں کی ذاتی معلومات کے ساتھ چین اور روس انسداد جاسوسی سے متعلق حساس ذمہ داریاں ادا کرنے والے اہلکاروں کی تفصیلات بھی شامل ہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق شائنی ہنٹرز نامی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

نیتن یاہو نے خطے میں اجتماعی قتل کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، ہسپانوی وزیر اعظم

سپین غزہ کی صورتحال کے ردعمل میں پہلے ہی اسرائیل کے خلاف پابندیوں سمیت متعدد اقدامات کر چکا ہے، خطاب

نیویارک (اے این این) ہسپانوی وزیر اعظم پیڈرو سانچیز نے غزہ میں اسرائیل کی جاری فوجی کارروائیوں پر سخت تنقید کی اور کہا کہ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو خطے میں اجتماعی قتل کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس سے خطاب (باقی صفحہ 3 نمبر 22)



پاک فوج کی افغانستان میں 10 مقامات پر کارروائی، دہشتگردوں کا انفراسٹرکچر تباہ

دہشتگردوں کے ٹھکانوں، ڈرون لانچنگ اور ذخیرہ کے مقامات کو بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا، وفاقی وزیر اطلاعات

افغان ڈرون حملے پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، عطاء اللہ تارڑ

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

نائب وزیر اعظم کی مالدیپ کے وزیر خارجہ ارشتھام آدم سے ملاقات

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

ایران تنازع کے دوران متحدہ عرب امارات پر سائبر حملوں میں تیزی

پیٹرولیم، گیس، بجلی، پانی اور بینکنگ کے شعبے سائبر حملہ آوروں کے نشانے پر رہے، رپورٹ

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پاکستان کے ساتھ مذاکرات طالبان رجیم کی ناکامی

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

موٹروے ایم ون کی بندش، خیبر پختونخوا کو اشیائے خورونوش کی ترسیل متاثر ہونے کا خدشہ

(اس خبر کا متن اس اسکین میں بہت باریک ہے اور نقل نہیں کیا گیا۔) (باقی صفحہ 3 نمبر 24)



کوئٹہ، نیب بلوچستان کے ڈائریکٹر ... [illegible]